Email- info@awamilakaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم
جلد 17 | پیر ، 12 اکتوبر 2026ء ، 29 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 170

وفاقی وزیرمحسن نقوی کے ویژن کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں ترقیاتی انقلاب، اسلام آباد کو عالمی معیار کا شہر بنانے کے لئے سی ڈی اے کے انقلابی اقدامات جاری

اربوں کی اراضی واگزار، سڑکوں اور کھیلوں کے بڑے منصوبے شروع

سیکٹر E-12 میں دہائیوں سے قبضہ شدہ 1,000 کنال سے زائد قیمتی اراضی واگزار، ٹریفک کی روانی کے لیے 1.40 ارب روپے کی لاگت سے کشمیر چوک انڈر پاس اور سڑکوں کی بحالی کے کام تیز رفتار سے جاری

شہریوں کیلئے 3 جدید اسپورٹس ایریناز کا قیام، سپورٹس اور صحت مند سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، F-9 پارک اور لیک ویو پارک کی اپ گریڈیشن سمیت شجرکاری اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے جامع اقدامات

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی کو بریفنگ دے رہے ہیں

اسلام آباد(این ای این) وفاقی وزیرِ داخلہ سید محسن رضا نقوی کے ویژن اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی مؤثر نگرانی میں کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اسلام آباد کی ترقی، خوشحالی، خوبصورتی اور شہریوں کو جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے ۔ بروقت اور تیز رفتار ترقی، اربوں روپے مالیت کی سرکاری اراضی کی واگزاری، شہر کی خوبصورتی، شجرکاری، (بقیہ نمبر 1)

نجی یونیورسٹی کی طالبہ کی مبینہ خودکشی کا معاملہ، ملزم گرفتار

پولیس نے ملزم کے ساتھ ایک خاتون کو بھی حراست میں لے کر تفتیش کا آغاز کردیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی دارالحکومت کی ایک نجی یونیورسٹی کی طالبہ کی مبینہ خودکشی کے معاملے پر اسلام آباد پولیس نے مبینہ طور پر ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ملزم کے ساتھ ایک خاتون کو بھی حراست میں لے کر تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے، ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل نے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج بھی حاصل کرلی ہیں، جس میں مبینہ خودکشی کرنے والی لڑکی کو گلی سے گزرتے دیکھا جاسکتا ہے۔

عوام مزید فتنہ الخوارج کا ساتھ نہیں دیں گے، گورنر

عوام مزید فتنہ الخوارج کا ساتھ نہیں دیں گے، سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ دہشت گردوں کے خلاف آخری دم تک لڑیں گے

پشاور(این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام صدارتی پروکلیمیشن کا خیر مقدم کرتے ہیں اور امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے خواہاں ہیں۔ صوبے کے عوام کے نام ویڈیو پیغام میں انہوں نے (بقیہ نمبر 4)

سکیورٹی فورسز نے افغانستان سے اسلحہ سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

سکیورٹی فورسز نے ضلع پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے افغانستان سے گولہ بارود منتقل کرنے کا منصوبہ ناکام بنایا

راولپنڈی، پشین (این این آئی) سکیورٹی فورسز اور ایف سی بلوچستان نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے افغانستان سے اسلحہ کی سمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد میں ریڈ الرٹ جاری، پولیس کی بھاری نفری تعینات

شہر کے داخلی راستوں پر بھاری نفری پہنچادی گئی، ریڈ زون میں بھی غیر متعلقہ افراد کا داخلہ بند کردیا گیا، ذرائع

اسلام آباد(این این آئی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد وفاقی دارالحکومت میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کردیا گیا۔ ذرائع کی جانب سے بتایا گیا کہ اسلام آباد کے تمام چوک (بقیہ نمبر 2)

وفاقی کابینہ نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری دیدی، صدر زرداری نے سمری پر دستخط کردیئے

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ، اختیارات گورنر کو منتقل

دہشتگردی کی بگڑتی صورتحال، وزیراعظم مشورہ دیں صدرِ مملکت آئینی اختیار استعمال کرتے ہوئے صوبہ کے پی میں ایمرجنسی کا نفاذ کریں، کابینہ اراکین

خیبر پختون خوا میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات، امن وامان کی سنگین صورتحال پر ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا، ایوان صدر سے جاری اعلامیہ کا متن

2 سالوں میں صوبہ میں دہشتگرد حملوں کی تعداد میں اضافہ، مسلسل اضافہ کے پی کی سکیورٹی صورتِ حال کے لیے سنگین اور تشویشناک چیلنج بن گیا، رپورٹس

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی کابینہ نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری دیدی جس کے بعد صدرمملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی سمری پر دستخط کر دیے۔ اتوار کو وزیر اعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ کا اہم ہنگامی اجلاس ہوا جس میں آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیرِاعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت ہونے والے وفاقی کابینہ کے اجلاس کے اعلامیہ میں کہا گیا کہ وفاقی کابینہ کو خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتِ حال اور دہشت گردی کی بگڑتی صورتِ حال پر بریفنگ دی گئی۔ کابینہ نے کے پی میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال (بقیہ نمبر 15)

صدر آصف علی زرداری ایوانِ صدر میں خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیرِ داخلہ سینیٹر محسن نقوی کے ساتھ ملاقات کررہے ہیں

عاصم افتخار (آج) 34 ویں سیکرٹری خارجہ کا عہدہ سنبھالیں گے

اسلام آباد(این این آئی) سفیر عاصم افتخار آج (پیر) کے روز 34 ویں سیکرٹری خارجہ کا عہدہ سنبھالیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان کے نامزد سیکرٹری (بقیہ نمبر 6)

عمرہ زائرین اور بین الاقوامی مسافروں کی ویکسی نیشن شروع

پولیو، گردن توڑ بخار اور یلو فیور سمیت قابل اطلاق ویکسین لگانے کا عمل شروع کردیا گیا

کراچی(این این آئی) عمرہ زائرین کو ویکسی نیشن کے بغیر سفر کرنے کی عارضی رعایت کی مدت ہفتے کو ختم ہوگئی جس کے بعد کراچی ائیرپورٹ پر عمرہ زائرین سمیت دیگر بین الاقوامی مسافروں کو پولیو، گردن توڑ بخار اور دیگر قابل اطلاق ویکسین (بقیہ نمبر 5)

بیٹیاں اللہ کی رحمت، معاشرے کا قیمتی سرمایہ، تعلیم، صحت، تحفظ، ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے' مریم نواز

بیٹیاں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور معاشرے کا قیمتی سرمایہ

بچیوں کے حقوق کے تحفظ، تعلیم کے فروغ اور انہیں خودمختار بنانے کے لیے اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کرنے پر زور دیا جارہا ہے

ہر بیٹی کو ایسا محفوظ اور سازگار ماحول ملنا چاہیے جہاں وہ اپنے خواب پورے کر سکے اور ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرے

حکومت پنجاب بچیوں اور خواتین کی تعلیم، تحفظ، صحت اور فلاح و بہبود کے لیے بہترین روڈ میپ پر عمل پیرا ہے' وزیراعلیٰ پنجاب

خواتین کے تحفظ اور انہیں فوری پولیس معاونت فراہم کرنے کیلئے ویمن ورچوئل پولیس اسٹیشن قائم کیا گیا ہے، بین الاقوامی یومِ دختر پر پیغام

لاہور(این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بین الاقوامی یوم دختر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بیٹیاں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بیٹیوں کو تعلیم، صحت، تحفظ اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بیٹیوں کو بااختیار بنا کر ہی ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے(بقیہ نمبر 7)

کار اور موٹر سائیکل کے مابین ہولناک تصادم، ماں بیٹا جاں بحق

احمد پور سیال(این این آئی) احمد پور سیال میں اڈہ حضرت پیر عبدالرحمٰن کے نزدیک کار اور موٹر سائیکل کے مابین ہولناک تصادم کے نتیجہ میں ماں بیٹا جاں بحق جبکہ بہو شدید زخمی ہو گئی ۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق اڈہ (بقیہ نمبر 9)

طالبہ لائبہ کی لاش درحقیقت ناکام، بوسیدہ نظام عدل کی لاش ہے

یہ دراصل ہماری اجتماعی بے حسی، سنگدلی اور ناانصافی کی لاش ہے، سعد رفیق

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ لائبہ کی خودکشی نے ہر ماں اور ہر باپ کا دل چھلنی کر ڈالا ہے، درخت سے جھولتی گولڈ میڈلسٹ ہونہار مگر بے بس بیٹی لائبہ کی لاش درحقیقت معاشرے کے کمزور طبقات کی بے بسی اور مجرموں کو کڑی سزا سے بچانے والے ناکام اور بوسیدہ نظام عدل کی لاش ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ یہ دراصل ہماری اجتماعی (بقیہ نمبر 8)

ریاض ایئرپورٹ پر حملے میں 12 افراد جاں بحق، 300 سے زائد زخمی

سعودی عرب نے حملہ کو جنگی جرم قرار دیدیا، سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے حملے کا جواب دینے کا عزم

امریکہ، جرمنی، کینیڈا اور سپین نے اپنے شہریوں کو ریاض، خصوصاً شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کا سفر کرنے سے خبردار کردیا

ریاض/واشنگٹن/لندن(این این آئی) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر یمنی حوثیوں کے حملے میں 12 افراد جاں بحق اور 300 سے زائد زخمی ہوگئے، جن میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے، 11 اکتوبر 2026 شاہ خالد ایئر پورٹ پر حملہ، متعدد ایئرلائنز نے ریاض کیلئے اپنی پروازیں منسوخ کر دیں (بقیہ نمبر 10)

مولانا فضل الرحمان کا ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت

سعودی عرب پر حملہ پوری امتِ مسلمہ کیلئے لمحہ فکریہ ہے، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد(این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت، قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حملہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے لمحہ فکریہ ہے، مسلم ممالک (بقیہ نمبر 11)

لاہور: خیبر پختونخواہ میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد ممکنہ احتجاج کے پیش نظر پنجاب اسمبلی کے سامنے پولیس اور قیدیوں کی وین کھڑی ہے

تیز رفتار ٹریلر کی موٹرسائیکل کو ٹکر میں 20 سالہ نوجوان جاں بحق

سرگودھا(این این آئی) سرگودھا جھنگ روڈ پر ساہیوال کے قریب تیز رفتار ٹریلر کی موٹرسائیکل کو ٹکر میں 20 سالہ نوجوان جاں بحق اور 13 سالہ بچی زخمی ہوگئی جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا جھنگ روڈ پر(بقیہ نمبر 12)

جعلی شناخت کے ساتھ امریکی پاسپورٹ پر سفر کرنیوالے مسافر گرفتار

لاہور(این این آئی) امیگریشن حکام ین لاہور ایئرپورٹ پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے جعلی شناخت کے ساتھ امریکی پاسپورٹ پر سفر کرنے والے مسافر کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق مسافر پی آئی اے کی پرواز نمبر PK-797 کے ذریعے ٹورنٹو روانہ ہورہا تھا۔ مسافر نے امریکی پاسپورٹ پر خود کو عابد علی(بقیہ نمبر 13)

انسدادِ تشدد برائے خواتین قانون کے مؤثر نفاذ کیلئے پینل وکلاء کی ایک روزہ تربیتی نشست کا انعقاد

خواتین سے متعلق مقدمات میں پیشہ ورانہ رویہ اختیار کیا جائے

جائیکا (JICA) نمائندگان اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی شرکت، متاثرہ خواتین کو بروقت اور معیاری قانونی امداد کی فراہمی پر زور

وکلاء کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور اداروں کی باہمی رابطہ کاری ترجیح ہے، ضلعی وومن پروٹیکشن آفیسر رضوانہ بشیر

راولپنڈی(این ای این)ضلع راولپنڈی میں پنجاب خواتین پر تشدد کے خلاف قانون 2016 ترمیم شدہ 2022 کے مؤثر نفاذ اور بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے پینل وکلاء کی ایک روزہ تربیتی نشست. ضلع راولپنڈی میں پینل وکلاء کے لیے پنجاب خواتین پر تشدد کے خلاف قانون 2016ء (Punjab Protection of Women Against Violence Act 2016) کے مؤثر نفاذ اور خواتین کو بہتر قانونی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے ایک روزہ تربیتی نشست کا انعقاد کیا (بقیہ نمبر 14)

پنجاب خواتین پر تشدد کے خلاف قانون 2016ء ترمیم شدہ 2022 کے مؤثر نفاذ اور بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے پینل وکلاء کی ایک روزہ تربیتی نشست کا انعقاد

وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کے پی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا ناپاک منصوبہ بنایا، وزیراعظم

یہ دوبارہ پاکستان کو تباہی کے دہانے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں، اس سے زیادہ ملک دشمنی کی کوئی اور حرکت نہیں ہوسکتی،

باب المندب میں خونی کھیل کھیلا جارہا ہے، حوثیوں کی کارروائیاں انتہائی خطرناک ہیں، وفاقی کابینہ کے اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کے پی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا ناپاک منصوبہ بنایا، یہ دوبارہ پاکستان کو تباہی کے دہانے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں، اس سے زیادہ ملک دشمنی کی کوئی اور حرکت نہیں ہوسکتی، قانون اپنا راستہ اپنائے گا اور ہرصورت اپنائے گا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں سی ٹی (بقیہ نمبر 20)

ایمرجنسی کا نفاذ، اڈیالہ جیل اور گردونواح میں سکیورٹی ریڈ الرٹ

اڈیالہ جیل کے 6 کلومیٹر کے علاقے میں اضافی پولیس تعینات کردی گئی ہے، ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے معاملے پر اڈیالہ جیل اور گردونواح میں سکیورٹی ریڈ الرٹ کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل کے 6 کلومیٹر کے علاقے میں اضافی پولیس تعینات کردی گئی ہے، جیل کے (بقیہ نمبر 21)

وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد شاہد رانا کا اٹک سہارا فاؤنڈیشن کی نمائش میں لگائے گئے صنعت زار اسٹال کا دورہ

اٹک سہارا فاؤنڈیشن کی صنعتی نمائش کا افتتاح

اے آر ایل کرکٹ گراؤنڈ مورگاہ میں نمائش کا انعقاد؛ مہمانوں کا صنعت زار راولپنڈی سمیت مختلف اداروں کے اسٹالز کا معائنہ

صنعت زار کی زیرِ تربیت خواتین کی دستی مصنوعات اور گارمنٹس کی تعریف، شرکاء کا بہترین کاریگری پر گہری دلچسپی کا اظہار

ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل و بیت المال محمد شاہد رانا سوشل ویلفیئر و چیریٹی قوانین وقواعد پر مرتب کردہ اپنی کتاب قاسم علی شاہ کو پیش کررہے ہیں

راولپنڈی (این ای این) ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر و بیت المال راولپنڈی ڈویژن محمد شاہد رانا نے بریگیڈیئر (ر) طاہر ملک سی ای او اٹک آئل ریفائنری کے ہمراہ اٹک سہارا فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ سوشل ویلفیئر راولپنڈی) کے زیراہتمام اے آر ایل کرکٹ گراؤنڈ مورگاہ میں منعقدہ صنعتی نمائش میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے صنعت زار اسٹال اور دیگر اداروں کے لگائے گئے سٹالز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر معزز مہمانوں سمیت نمائش میں آئے دیگر شرکاء نے صنعت زار راولپنڈی کی زیرِ تربیت خواتین کی ہاتھ سے تیار کردہ مصنوعات اور گارمنٹس کو بے حد سراہا اور ان میں گہری دلچسپی کا(بقیہ نمبر 17)

حرمین الشریفین کی حفاظت تمام اہلِ ایمان کا مشترکہ فرض ہے، لیاقت بلوچ

سعودی عرب پر حملوں نے پوری دنیا کے مسلمانوں کو بڑی تشویش میں مبتلا کردیا ہے

لاہور(این این آئی) نائب امیر جماعتِ اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حرمین الشریفین کی حفاظت تمام اہلِ ایمان کا مشترکہ فرض ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حملوں نے پوری دنیا کے مسلمانوں کو بڑی تشویش (بقیہ نمبر 22)

خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نافذ کی مذمت

صوبے کے آئینی حقوق پر ڈاکہ ہے، جو نامنظور ہے، سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر

اسلام آباد(این این آئی) سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نافذ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ صوبے کے آئینی حقوق پر ڈاکہ ہے، جو نامنظور ہے !ہم اپنی آئینی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔ سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے ایکس اکاؤنٹ پر لکھا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے اقدامات کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، ہم نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف آواز اٹھائی ہے، وفاقی حکومت کی(بقیہ نمبر 16)

ریاض پر حوثی حملے کی مذمت، سعودی خودمختاری کے تحفظ کا عزم

شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں، ایسے پرتشدد اقدامات علاقائی امن واستحکام کیلئے سنگین خطرہ ہیں، شہباز شریف

شہری ہوائی اڈے کو نشانہ بنانا دہشتگردی کی گھناؤنی کارروائی ہے، عالمی برادری کو ایسے اقدامات کی غیر مشروط مذمت کرنی چاہیے، دفتر خارجہ

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثی ملیشیا کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت اور حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں، ایسے پرتشدد اقدامات علاقائی امن واستحکام کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ اپنے بیان میں(بقیہ نمبر 23)

پولیس نے تمام اراکین پارلیمنٹ کی سکیورٹی واپس لے لی ہے، شفیع جان

اگر مجھے یا کسی پارلیمنٹرین کو نقصان پہنچا تو اس کے ذمہ دار آئی جی ہوں گے، صوبائی وزیر

پشاور(این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات شفیع جان نے کہا ہے کہ صوبائی پولیس نے ان سمیت دیگر اراکین پارلیمنٹ کی سکیورٹی واپس لے لی ہے۔ خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات شفیع جان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری(بقیہ نمبر 24)

گوجر خان میں کراچی سے پشاور جانے والی خیبر میل کو حادثہ

گوجر خان(این این آئی) کراچی سے پشاور جانے والی خیبر میل حادثے کا شکار ہوگئی۔ ریلوے حکام کے مطابق گوجر خان ریلوے سٹیشن کے قریب خیبر میل کی(بقیہ نمبر 25)

کراچی سے پشاور آنے والی خیبر میل کی گارڈ کوچ گوجر خان کے قریب ڈی ریل ہے

اسلام آباد میں ریڈ الرٹ جاری، پولیس کی بھاری نفری تعینات

ریڈ زون میں بھی غیر متعلقہ افراد کا داخلہ بند کردیا گیا، ذرائع

اسلام آباد(این این آئی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد وفاقی دارالحکومت میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کردیا گیا۔ ذرائع کی جانب سے بتایا گیا کہ اسلام آباد کے تمام چوک چوراہوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ شہر کے داخلی راستوں پر بھاری نفری پہنچادی گئی، ریڈ زون(بقیہ نمبر 18)

حوثی حملے بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی

وزیراعلیٰ مریم نواز کی ریاض کے شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے کی شدید مذمت

حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت، زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا

سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، سلامتی کیلئے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہیں

لاہور(این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حوثی ملیشیا کا ریاض کے شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کی اور کہا کہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حوثی حملے بین(بقیہ نمبر 19)

خیبر پختونخوا میں
نئی انتظامی تقرری

ڈاکٹر فخر عالم عرفان نئے چیف سیکرٹری تعینات

محمد فخر عالم عرفان کی بطور چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا تقرری فوری طور پر نافذ العمل ہوگی، تاحکمِ ثانی اپنے فرائض سرانجام دیتے رہیں گے

گریڈ 20 کے افسر محمد یحییٰ اخونزادہ کی خدمات خیبر پختونخوا حکومت کے حوالے، فاٹا کونسل کا ایڈیشنل چیف سیکرٹری تعینات کیے جانے کا امکان

گریڈ 19 کے افسر خواجہ سکندر ذیشان کی خدمات پنجاب سے لے کر کے پی حکومت کے حوالے، گریڈ 18 کے افسر میجر ریٹائرڈ اورنگزیب کی خدمات بھی کے پی حکومت کے سپرد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے گریڈ 22 کے سینئر بیوروکریٹ ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کو صوبہ خیبر پختونخوا کا نیا چیف سیکرٹری تعینات کر دیا ہے جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے جاری کر دیا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کی بطور چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا تقرری فوری طور پر نافذ العمل ہوگی اور وہ تا حکمِ ثانی اپنے فرائض سرانجام دیتے رہیں گے۔ ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان اس اہم ذمہ داری سے قبل وفاقی وزارتِ(بقیہ نمبر 26)

کراچی: جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی جامعہ کراچی میں تعلیمی سال برائے 2017 کے داخلہ ٹیسٹ کیلئے قائم امتحانی مراکز کا دورہ کررہے ہیں

ABC Certified MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

اشیائے ضروریہ مزید مہنگی

وفاقی ادارۂ شماریات کے مطابق آٹھ اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران 20 اشیائے ضروریہ مزید مہنگی ہوگئیں جبکہ ہفتہ وار مہنگائی کی شرح تقریباً 12 فیصد تک پہنچ گئی۔ رپورٹ کے مطابق پیاز کی قیمت میں سالانہ بنیادوں پر 100 فیصد' ایل پی جی 68' بجلی 58' پٹرول 47' ڈیزل 42 اور آٹے کی قیمت میں 32 فیصد اضافہ ہوا۔ ایک ہفتے کے دوران ملک کے مختلف شہروں میں بیس کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں تقریباً 400 روپے تک کا اضافہ ہوا ہے۔ مہنگائی پر قابو پانے کیلئے حکومتی کوششوں کو مزید موثر اور نتیجہ خیز بنانے کی ضرورت ہے۔ اگرچہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے جمعہ کے روز نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس میں اشیائے ضروریہ' بالخصوص آٹے کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے صوبائی اور ضلعی انتظامیہ کو رسد' منڈیوں میں اشیا کی آمد' ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کی سخت نگرانی کی ہدایات دی ہیں۔

تاہم اصل کام ان فیصلوں پر عملدرآمد کرانا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ آٹے سمیت دیگر بنیادی اشیا کی طلب و رسد کا درست تخمینہ لگا کر ان کی مسلسل دستیابی یقینی بنائے تاکہ مصنوعی قلت پیدا کر کے قیمتیں بڑھانے کی گنجائش باقی نہ رہے۔ ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائی محض چھوٹے دکانداروں تک محدود رکھنے کے بجائے پوری سپلائی چین میں کی جائے۔ ان وقتی انتظامی کارروائیوں کے ساتھ پیداواری لاگت میں کمی' منڈیوں میں مسابقت اور عوام کی قوتِ خرید بڑھانا بھی ضروری ہے۔

''حقیقتوں سے شناسائی''

تحریر: سیّدہ نزہت ایوب کاظمی،
شہر: اِسلام آباد

یہ فلک یہ زمین اور اس کے مکین، بڑی محبت سے سبھی زندگی کی لڑی میں پرو دیئے گئے ۔ کبھی کبھی، پانچ حرفوں پر مشتمل یہ زندگی ذرا گورکھ دھندا ہی لگتی ہے ۔ زندگی تو بہت پیاری تھی، ہے مگر کچھ منافق، غدار مل کر اِسے منحوس بنانے کی کوشش بڑی کرتے ہیں بن بھی جایا کرے گر بنانے والا اِن کی چالوں سے بے خبر رہے، وہ خود کہتا ہے ناں ایسی چالیں چلنے والوں کے لئے کہ بے شک اِن کی چالیں بہت خوب ہیں مگر اِن کی چال کے بدلے جو میں اللہ چال چلتا ہوں وہ خوب تر ہے۔ نادان اس زندگی کو ہرا نہیں سکتے پھر بھی اِس سے جیتنے کی ضِد میں ہیں، ناجانے کتنی بار بھولیں گے کہ مارنے والے سے بچانے والا افضل ہے ۔ اے میرے محترم و باادب قاری، ایک نئی سوچ، نئے کالم کے ساتھ آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ جی بالکل ہماری گفتگو میں کچھ چھوٹی باتیں، ادھورے قصّے بھی شاملِ حال رہیں گے، خاص کر شمع کا قصہ۔ اچھا مجھے قلم کاروں پر اکثر حیرت بھی ہوتی ہے کہ وہ سچ چھپاتے کیوں ہیں، (یا ہو بہو بیان کیوں نہیں کرتے یا پھر کر سکتے)۔ محترم قاری، اپنے یہ ڈرامے زندگیوں، گھروں اور ہمارے خاندانوں کی داستانوں سے کہیں مختلف ہیں؟، نہ کہانیاں وہ، نہ ہی ثقافت، لگتا ہے یہ ڈراموں والے بھی کوئی اپنی ہی ثقافت متعارف کرا رہے ہیں۔ چلئے لگے ہیں عارے لگے رہیں، ہاں یہ ضرور دعا ہے کہ بے ردا ہوا کو نہ عام کریں، الٰہی آمین۔ محترم قاری، ہم اپنے دکھوں کو روتے ہیں، پاکستان کے کرب بھی کسی سے کم نہیں۔ وطنِ عزیز کا ہمسایہ ملک اور مابدولت کے رشتے دار، لگتا ہے دونوں کو گھٹی کسی ایک نے دی تھی۔ جی بالکل اے میرے محترم قاری، قسمت اچھی ہو تو دشمن کی سرزمین سے ایک آدھ جان نثار دوست بھی مل ہی جایا کرتا ہے ۔ اب پاکستان کے ہمسایہ ملک بھارت کو ہی لے لیجئے ، پروین ساہنے، اِن کے مقصد کا تو پتہ نہیں، مگر مئی جنگ کے بعد سے لے کر پاکستان کے ہی گُن گاتے دکھائی دیتے ہیں۔ ایسی، ایسی کمال تقریریں، یوں ہم پاکستانی عوام کو حقیقتوں سے شناسائی کرا رہے ہوتے ہیں جیسے کوئی ریاضی کا محنتی اُستاد اپنے دہم کے نالائق طلبا کو سالانہ امتحان کے قریب جا کر الجبرا رٹواتا ہے کہ طالب علم کم از کم پاسنگ نمبر حاصل کر سکے ۔ اِک طرف پروین ساہنے، محافظانِ پاکستان کی قابلیتوں کو الگ، الگ ہر اِک پر واضح کرتے ہیں تو دوسری طرف اُن کے ساتھ آنے والی اِک بھلی سی خاتون، واہ کیا کہنے اُن محترمہ کے سوالوں کے ، وہ، وہ چٹخارے دار، کرید، کرید کے سوال کرتی ہیں اور پھر محترم پروین ساہنے سے اُن کے جوابات سن کر محافظانِ پاکستان کو ڈھیروں داد و تحسین کے ساتھ ساتھ لب ماشاء اللہ، ماشاء اللہ کے کلمات ادا کر رہے ہوتے ہیں۔ ارے بھارتی تجزیہ نگار پروین ساہنے اب اتنا حق تو رکھتے ہی ہیں کہ انہیں محترم کہہ لیا جائے، بلکہ ایک آدھ توپ کی سلامی دینا بھی بنتی ہے۔ پروین ساہنے کی افواجِ پاکستان کے لئے اتنی محنت پر اُن کے لئے ایک دعا کہ پروردِگار انہیں مزید توفیق عطا فرمائے کہ ساری دنیا پر افواجِ پاکستان کی بہادری، ہمت، فکر، قابلیت و شعور سے پردے اُٹھاتے رہیں۔ آمین۔ محترم قاری، آج پچھلے کالم میں بیتے برسوں کا ایک سچّا قصے کا بقیہ بھی تمام کروں گی۔ وہ کہتے ہیں ناں کہ کردار فرشتہ صفت ہوں تو سراہنا بنتا ہے ۔ جیسے بہت سے معاشرتی کردار نفرت، حسد، بغض اور کینہ کی بھینٹ چڑھے ، اُسی طرح ایسے کردار وافکار والے نفوس بھی روئے زمین پر موجود رہے ہیں جن کی مہربان ذات دوسروں کی زندگی میں سُکھ کا وسیلہ بنتی ہے ، جو نور کا مینارہ ہوتے ہیں، اندھیروں میں جگنو کا کام کرتے ہیں۔ محترم قاری، علم حاصل کرنا ہر مرد و عورت پہ فرض ہے ۔ اور یہ فرضیت برابری کی بنیاد پر ہے۔ بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ گھر کے سبھی ممبران پڑھے لکھے ہوں۔ تعلیم یافتہ اور ان پڑھ یا کم پڑھے لکھے افراد کی فکر اور تدبّر میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے ۔ اس فرق کو مٹانے کے لئے تعلیم کا عام ہونا بہت ضروری ہے۔ تعلیم آج بھی عام نہیں تو شاید ایک وجہ یہ بھی ہے کہ باروِیں جماعت کے بعد تعلیم پر اُٹھنے والے اخراجات اس قدر بڑھ جاتے ہیں کہ لوگوں کے لئے مزید علم حاصل کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ حکومت سے استدعا ہے کہ اس سرزمین پر ایسے خاندان بھی آباد ہیں جن کے ممبران سرکاری ملازم نہیں کیونکہ گورنمنٹ پھر بھی سہولیات دے دیتی ہے اپنے کارکنان کو مگر غیر سرکاری اداروں سے کسی قسم کی کوئی سہولت نہیں ملتی۔ ایسے افراد کے لئے تعلیم حاصل کرنا دشوار ہو جاتا ہے ۔ بارھویں جماعت تک تو جیسے تیسے وہ علم حاصل کر ہی لیتے ہیں مگر اگلی جماعتیں ان کے لئے پڑھنا بے حد مشکل اور کہیں کہیں ناممکن۔ یہ بڑی اچھی بات ہے کہ حکومت نت نئی اسکیمیں نکالتی رہتی ہے ضرورت مندوں کے لئے لیکن اس سے اچھا تو یہ ہے کہ تعلیم مفت نہ سہی پر ماسٹر لیول تک سستی ضرور ہو جائے ، کیونکہ معاشرہ منظم ہوگا ہی تب جب علم عام ہو جائے ، آج تعلیم ہر کوئی حاصل کرنا چاہتا ہے اگر تعلیم سستی ہو جائے تو میں وثوق سے کہتی ہوں کہ پاکستان کے بوڑھے بھی تعلیم حاصل کرنے میں جوانوں سے پیچھے نہ رہیں۔ محترم قاری، بے شک تعلیم تو ایک خزانہ ہے جو قسمت والوں کو ہی ملتا ہے اور خوش نصیب ہوتے ہیں وہ جو تعلیمی اداروں سے وابستہ ہوتے ہیں علم حاصل کرنے کے لئے ، ویسے ادارہ کوئی ہو ان میں کام کرنے والوں کی نیک نیتی ضروری ہے ۔ محترم قاری، ششم سے ہشتم جماعت کا دورانیہ بھی عجیب ہوتا ہے۔ پنجم جماعت تو گویا بچپنے کی حدبندی کا نام ہے ۔ ششم جماعت میں جاتے ہی سمجھداری آگے بڑھ کر استقبال کرتی ہے ۔ اچھے ، برے اور سہی غلط کا پتہ چلنے لگتا ہے ۔ محترم قاری، عوام الناس گورنمنٹ تعلیمی ادارے پسند نہیں کرتی حالانکہ اِن اداروں کے اساتذہ کی قابلیت و رکھ رکھاؤ اور تعلیمی نظامت سنبھالنے کے معاملے میں شخصیت کے معیار میں پرائیویٹ والوں سے فرق زمین آسمان سا ہے۔ خیر ہر بندہ اپنی سوچ میں آزاد ہے اور نظریہ بھی اپنا اپنا۔ ویسے میں نے تجربہ تو اسی بات کا کیا ہے گورنمنٹ سے پڑھا معاشرہ قابل، باادب ہوتا ہے۔ ذکر تھا شمع کے قصے کا، اُن دِنوں (یعنی ششم سے ہشتم تک) ہم جماعت طالبات کے پاس پی، ٹی، وی پر چلنے والے ڈراموں پہ تبصروں کے ساتھ اب شمع موضوعِ گفتگو رہتی۔ شمع ہم جماعت ہی کے گھر تو رہا کرتی تھی۔ شمع سے متعلق تذکروں سے اس قدر محظوظ ہوتیں کہ ہم سبھی ہم جولیوں کو اگلے دِن کا انتظار رہتا۔ ٹی، وی ڈراموں پر تبصرہ ذرا بھی متاثر کُن نہ ہوتا ہاں مگر شمع۔ ہم جماعت سے ہمیں یہ بھی پتہ چلا شمع پیاری تو بہت ہے مگر اُس کا قد دراز نہیں۔ وہ کہتی چھوٹا قد بھی شمع پر بہت جچتا ہے۔ بالکل گڑیا لگتی ہے۔ (اُس زمانے میں جمعہ کی چھٹی ہوا کرتی تھی) ایک دن ہماری استانی صاحبہ چھٹی پر تھیں ساری جماعت کے پاس سوائے خوش گپیوں کے کچھ نہ تھا۔ کل جمعے کا دن کیسا گزرا ہر کوئی ایک دوسرے سے پوچھنے لگا، سب سے پہلے وہی ہم جماعت بول پڑی کہ میں بتاتی ہوں کل کیا ہوا، کچھ سامان اتارنے کے لئے شمع بڑی شیڈ پر چڑھی جب اترنے لگی تو میں نے سٹول اٹھا دیا اور شمع تب تک شور و غوغا کرتی رہی جب تک آواز سن کر بی جان نہ آ گئیں اور مجھے ڈانٹ بھی پڑی، ساری جماعت بھی اس بات پر لطف اندوز ہوئی، (مابدولت ازلی سنجیدہ لقب والے بھی یہ سن کر زیرِلب مسکرائے تھے)، ہماری وہ ہم جماعت حالانکہ بہت نیک دل اور لائق بندی ہوا کرتی، یقیناً اس کی یہ حرکت شمع کے ساتھ ہلکی پھلکی بے ضرر سی شرارت کے سوا کچھ نہ ہوگی۔ ہشتم تک زندگی فکروں سے آزاد خوش گپیوں میں ہی گزری، البتہ ہشتم کے آخری دو چار مہینے (نہم، دہم) ہائی حصے کو ہی تکتے رہنا محبوب مشغلہ ٹھہرا، کیونکہ بہت کم عرصے میں ناویں جماعت کا تمغہ سجائے ہم اُس حصے کے مکین بننے والے تھے ، جو پہلی جماعت سے لیکر آٹھویں تک مرکزِ نگاہ رہا تھا۔ بلکہ ہائی حصہ تو عزت مآب تھا ہر کسی کے لئے ۔ ہائی حصے کی ایک استانی صاحبہ بہت غصے والی تھیں۔ اگلی نہم جماعت انہی کے پاس جانے والی تھی جس کا غم ساری جماعت کو دن رات ستاتا۔ ہم سچّے دل سے ان کا تبادلہ ہو جائے دعائیں کرتیں۔ اُن کا تبادلہ ہونا تھی تو انہونی مگر ہمیں بڑی آس لگی ہوئی تھی اسی لئے چپکے چپکے اور اظہار کر کے ہم دعاؤں کا دامن نہ چھوڑتیں۔ کیونکہ وہ گاؤں کی بہو اور ساتھ والے گاؤں کی بیٹی تھیں تبادلہ تو ناممکن سا لگتا مگر دو سال پہلے ایک واقعے یا حادثے نے ہی ہمیں یہ آس لگا رکھی تھی۔ معاملہ کچھ یوں ہوا ہمارے اسکول میں سالانہ تقریب کے پروگرام کی تیاریاں چل رہی تھیں۔ ایسی تقریبات میں بچیوں کا پرجوش ہونا عام بات ہوا کرتی ہے ۔ (ہمارے اس گاؤں کے اسکول میں دس گاؤں سے بچیاں پڑھنے آیا کرتیں)۔ تیاری کے سلسلے میں ششم سے دہم تک اور ان جماعتوں کی استانیاں ساری مڈل حصے میں جمع تھیں، غصے والی مِس ہائی حصے کی تھیں اصولی طور پر مڈل حصے میں سب بچیوں کے نظم و ضبط کی نگرانی بھی مڈل حصے ہی کی استانیوں کا حق بنتا تھا، اور پھر جب بات بھی مڈل حصے کی بچیوں کی ہو، بس غصے والی استانی جی کو ساتویں کی طالبہ پر غصہ آ گیا جو دوسرے گاؤں کے غالباً چوہدریوں کی بیٹی تھی۔ مس جی نے طالبہ کو مارا تو مارا ساتھ باتیں بہت سنائیں طالبہ نے بھی یہی کہا جب ہمارے مس بھی پاس ہیں پھر ہائی حصے کی استانی صاحبہ ہمیں کیوں ڈانٹیں۔ طالبہ کا کہنا درست تو تھا کہ غصے والی مس جی نے بے انصافی سے کام لیا ہے مگر مس جی کو کون سمجھاتا۔ طالبہ نے بھرے اسکول میں دھمکی دی کہ اب وہ غصے والی استانی صاحبہ کو اس اسکول میں رہنے نہیں دے گی۔ استانی جی کا واسطہ بھی عام گھرانے سے نہ تھا۔ اس کے بعد گہری چپ کا راج تھا۔ دھمکی دینے والی بچی بھی چپ سادھے رکھتی، مس جی ویسے بھی ہائی حصے کے تھے۔ سب معمول کے مطابق چلتا دکھائی دیتا۔ سرکاری اسکول کی طالبات تھیں، ذہین فطین خفیہ خبروں تک رسائی رکھتی تھیں۔ خاص ذرائع سے اطلاع ملتی رہتی کہ اس پہ کام جاری ہے۔ طلبہ کو اندازہ ہو چکا تھا کہ برسہا برس سے اسی اسکول کی مس جی کا دانہ پانی اب اٹھ کے ہی رہے گا۔ ہشتم کے سالانہ امتحان سے پہلے یہ خبر کسی دھماکے سے کم نہ تھی کہ مس جی کا نہ صرف تبادلہ ہوا ایک گریڈ بھی کاٹ دیا گیا تھا، اس تبادلے میں پورے پونے تین سال لگے تھے پر ہو گیا۔ (پتہ نہیں کس نے مشہور کیا ہوا ہے کہ گاؤں والیاں سیدھی سادھی ہوتی ہیں جیسے اللہ میاں کی گائے)۔ چلئے ، چلئے بات کو مختصر کرتے ہیں اور شمع والے قصے کی طرف لوٹتے ہیں۔ نہم اور ہمارے بیچ فاصلہ اب صرف دو ماہ کا رہ گیا ہو گا امتحانات کی تیاری مکمل تھی۔ سالانہ امتحان میں کامیابی یقینی ہے ساری جماعت یہ جانتی تھی۔ دراصل ہمارے مس جی نے تین سال ہمیں بڑی محنت اور محبت سے پڑھایا تھا، پیدا کرنے والی ماں سے بڑھ کر ہمارا فکر کرنے والیں، وہ طلبہ کو یوں ساتھ لے کر چلتیں جیسے تمام بچیاں بہت قیمتی اور معتبر اثاثہ ہوں، امیر غریب، لائق اور نالائق سبھی طلبہ کو سانجھی عزت دیتیں۔ وہ تھیں ہی شفیق، ہر وقت مسکراہٹ ان کے چہرے کا طواف کرتی، اُن کے لہجے میں ہمیشہ پھولوں سی نرماہٹ رہتی۔ ان کی قربت میں لگتا بادِ نسیم کے جھونکے ہمیں چھو کر گزرنے لگے ہوں۔ جی جی شمع کی بات ہی کرنے لگی تھی، ہم ہائی حصے کے مکین کیا بنے کہ جماعت پی، ٹی، وی ڈراموں کے تبصروں کے ساتھ شمع کے ذکر کو بھی بھول گئی۔ ساری گپیں شپیں، فراغتی گھڑیاں مڈل حصے میں ہی چھوڑ آئی۔ بس پڑھائی، پڑھائی اور صرف پڑھائی، دو سال بیت گئے اور خبر بھی نہ ہوئی، دہم کے سالانہ امتحانات کے بعد کسی سے کسی کا کچھ رابطہ نہ رہا، گویا کی پرندوں کی اُڈھار کو اُڑا کے تتر بتر کر دیا گیا ہو، نجانے کون کس دیس کی راہی بنی۔ مابدولت جیسا کہ اُسی گاؤں کے تھے لہذا کبھی کبھی کسی ہم جماعت کے بابت پتہ چل جاتا۔ کچھ دنوں سے گاؤں میں ایک شادی کی بڑی دھوم تھی، یہ شادی نمبرداروں کے گھر تھی، بارات کو شہر سے آنا تھا۔ شادی کی رسومات یا تقریب پر خصوصی توجہ دی جا رہی تھی۔ باہر سے آتی خواتین کی باتوں کی طرف سرسری سا تجسس تھا مگر پوچھا کسی سے نہیں۔ بارات کی سج دھج اور دھوم دھڑکے نے سب کو ورطۂ حیرت میں ڈال رکھا تھا۔ گاؤں کی خواتین انگلیوں پر بارات کے ساتھ آئی گاڑیوں کی تعداد گن رہی تھیں۔ اُس دن کانوں نے سُنا کہ آج شمع کی شادی ہو رہی ہے ۔ والدہ محترمہ سے تفصیل پتہ چلی کہ شمع کو اپنے بیٹے سے بیاہنے شہر سے ایک صنعت کار آیا ہے ۔ نمبرداروں نے اپنے معیار کے لوگوں میں شمع کو بیٹی بنا کر بیاہا۔ اس دن گاؤں کا ہر چہرہ خوشی سے چہک رہا تھا اور دل شادمان۔ سوائے شمع کے والدین اور بھائیوں کے ، اس کے باوجود شمع کے خلاف کوئی قدم نہیں اُٹھا سکتے تھے چونکہ شمع قانونی طور پر اپنے فیصلوں میں آزاد تھی۔ بے شک صنعت کار کا بیٹا شمع کے قد کے برابر تھا نہ بھی ہوتا پھر بھی یہ نسل در نسل سے پڑھے لکھے اور نیک لوگ تھے وہ جب شمع کو اپنی بیٹی بنا چکے تھے تو شمع کا قد چھوٹا ہوتا یا دراز وہ اپنی حیثیت کے لوگوں میں ہی بیاہتے ۔ بالکل محترم قاری اسی معاشرے میں نیک دل بھی بستے ہیں۔ محترم قاری، وہ کیا خوب اک شعر ہے کہ،

فرشتہ کہنے سے میری تحقیر ہوتی ہے، میں مسجودِ
ملائک ہوں مجھے انساں رہنے دے۔

شوبز SHOWBIZ

کومل عزیز کے اچانک وزن بڑھنے پر مداح حیران، اداکارہ برہم

صارفین نے اداکارہ کے وزن میں اضافے پر حیرت کا اظہار کیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی سابق اداکارہ کومل عزیز خان کے وزن میں اضافے پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تبصروں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ ڈرامہ سیریل بھروسہ پیار تیرا اور راز الفت سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ ان دنوں شوبز سے دور اپنے کپڑوں کے برانڈ پر توجہ دے رہی ہیں۔ حال ہی میں کومل عزیز نے اپنے برانڈ کے نئے کلیکشن کیلئے فوٹو شوٹ کروایا، جس کی تصاویر اور ویڈیوز سامنے آنے پر صارفین نے ان کے وزن میں تبدیلی کو موضوع بحث بنالیا۔ بعض صارفین نے اداکارہ کے وزن میں اضافے پر حیرت کا اظہار کیا جبکہ کچھ نے ان کے طرزِ زندگی پر بھی سوالات اٹھائے۔ تنقیدی تبصروں پر کومل عزیز نے ناراضی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو دوسری خواتین کے ساتھ مہربانی سے پیش آنا چاہیے، ایسے سوالات نہیں پوچھنے چاہئیں۔ دوسری جانب متعدد مداحوں نے اداکارہ کی حمایت کرتے ہوئے ان کی خوبصورتی کی تعریف بھی کی۔

شاہ ویر کادوانی کو شاہ رخ خان کی نقل کرنا مہنگا پڑ گیا

ایک صارف نے پوسٹ پر کامنٹ کیا اتنی تنقید کے باوجود ان کا اعتماد قابل داد ہے



کراچی (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے ابھرتے ہوئے اداکار شاہ ویر کادوانی کو بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان کی نقل کرنے پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے شدید تنقید کا سامنا ہے۔ ڈرامہ سیریل سن میرے دل سے اداکاری کا آغاز کرنے والے شاہ ویر کادوانی ان دنوں ڈرامہ محبت میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھا رہے ہیں۔ حال ہی میں اداکار نے انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں وہ چھت پر کھڑے شاہ رخ خان کے مشہور انداز میں دونوں بازو پھیلائے دکھائی دیے جبکہ پس منظر میں بالی ووڈ فلم کا گانا گیروا چل رہا تھا۔ ویڈیو سامنے آتے ہی سوشل میڈیا صارفین نے اداکار کو طنزیہ تبصروں کا نشانہ بنانا شروع کردیا۔ ایک صارف نے لکھا کہ اتنی تنقید کے باوجود ان کا اعتماد قابل داد ہے جبکہ دوسرے نے طنز کرتے ہوئے کہا کہ شاہ ویر کی ویڈیوز سے زیادہ ان کا کمنٹ سیکشن دلچسپ ہوتا ہے۔

انسان کو چاہیے کہ وہ جیسا بھی ہے، خود کو قبول کرے

کترینہ کیف کا دوسروں کی رائے کو اپنی ذات پر حاوی نہ ہونے دینے کی اہمیت پر زور

نئی دہلی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف نے زندگی کے مختلف مراحل میں خود کو قبول کرنے اور دوسروں کی رائے کو اپنی ذات پر حاوی نہ ہونے دینے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ ان کا یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب حال ہی میں ایک عوامی تقریب میں شرکت کے بعد سوشل میڈیا پر ان کے جسمانی خدوخال اور وزن سے متعلق تبصرے کیے گئے تھے۔ لندن میں اپنے برانڈ کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے 43 سالہ اداکارہ نے آن لائن تنقید کا براہ راست ذکر نہیں کیا، تاہم ان کی گفتگو کا مرکزی نکتہ خود اعتمادی اور اپنی ذات کو قبول کرنا تھا۔ ایک سوال کے جواب میں کترینہ نے کہا کہ زندگی میں کبھی لوگ آپ کی تعریف کرتے ہیں، لیکن بعض اوقات انسان کو خود اپنا سب سے بڑا حوصلہ بننا پڑتا ہے۔ انہوں نے اس سوچ کو اپنے بیوٹی برانڈ کے نعرے اِٹس اوکے ٹو بی یو سے جوڑا، جس کا مفہوم ہے کہ انسان کو چاہیے کہ وہ جیسا بھی ہے، خود کو قبول کرے اور اپنی اصل شخصیت کے ساتھ مخلص رہے۔ کترینہ کے مطابق زندگی ایک جیسی نہیں رہتی۔ کچھ ادوار میں انسان کو محسوس ہوتا ہے کہ وہ ہر کام بہترین انداز میں کر رہا ہے، جب کہ کبھی ایسا وقت بھی آتا ہے جب اسے لگتا ہے کہ وہ کچھ بھی ٹھیک نہیں کر پا رہا۔

صنم بلوچ کی گانا گاتے ہوئے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

کچھ ہی لمحوں بعد انکشاف ہوا آواز صنم بلوچ کی نہیں بلکہ ان کی بہن کی تھی

لاہور (این این آئی) خوبرو اداکارہ صنم بلوچ کی گانا گاتے ہوئے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ تاہم کچھ ہی لمحوں بعد یہ انکشاف ہوا کہ یہ آواز صنم بلوچ کی نہیں بلکہ ان کی بہن سبرین ہسبانی کی ہے۔ مذکورہ ویڈیو میں سنا جاسکتا ہے کہ صنم بلوچ ایک مشہور گانا گانے پر لپسنگ کر رہی ہیں۔ لیکن ویڈیو کے آخر میں وہ کیمرہ گھما کر یہ انکشاف کرتی ہیں کہ اصل میں یہ سحر انگیز آواز ان کی نہیں بلکہ پیچھے بیٹھی ان کی بہن سبرین ہسبانی کی ہے۔ انسٹاگرام اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اس ویڈیو کو سسٹر گولز کے طور پر شیئر کیا جا رہا ہے اور مداح دونوں بہنوں کی اس کیمسٹری اور ہنسی مذاق کو بے حد پسند کر رہے ہیں۔

اداکارہ عائشہ عمر نے زندگی کی 45 بہاریں دیکھ لیں

عائشہ عمر اپنے اہل خانہ کے ہمراہ سالگرہ کا کیک کاٹیں گی

لاہور (این این آئی) اداکارہ و ماڈل عائشہ عمر آج (پیر) 12 اکتوبر کو اپنی 45 ویں سالگرہ منائیں گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عائشہ عمر 12 اکتوبر 1981 کو لاہور میں پیدا ہوئیں اور انہوں نے بطور ماڈل اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ انہیں نجی ٹی وی چینل کے سیٹ کام ''بلبلے'' میں خوبصورت کے کردار سے بھرپور شہرت ملی ۔ عائشہ عمر اس کے علاوہ بھی متعدد ٹی وی ڈراموں کے ساتھ فلموں میں بھی اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہے ۔ اداکارہ عائشہ عمر اپنے اہل خانہ کے ہمراہ سالگرہ کا کیک کاٹیں گی۔

سینئر اداکار بدر منیر کی 18 ویں برسی منائی گئی

لاہور (این این آئی) ماضی کے سینئر اداکار بدر منیر کی 18 ویں برسی اتوار کے روز منائی گئی۔ بدر منیر کو پاکستانی پشتو فلموں کا دلیپ کمار کہا جاتا تھا۔ انہوں نے اپنے کیریئر کے دوران 650 کے قریب پشتو، پنجابی اور اردو فلموں میں کام کیا جن میں 150 اردو اور پنجابی فلمیں ہیں۔ بدر منیر کی پہلی پشتو فلم یوسف خان، شیر بانو کراچی میں بنی اور ریلیز ہوئی، بدر منیر کی پہلی اردو فلم جانور تھی۔ انہوں نے یاسمین خان شہناز، ثریا خان، نجمہ، مسرت شاہین، دردانہ رحمان اور دیگر کے اداکاراؤں کے ساتھ کام کیا۔ بدر منیر کی مشہور پشتو فلموں میں دہقان، باز اور شہباز بدعملہ، یوبے تاج بادشاہ، الزام، داحق آواز، اودم آسمان، اوربل، دبدن، خانہ بدوش، داپختون تورہ، ٹوپک، زمان قانون اور آدم خان درخانئ شامل ہیں۔

پنجاب حکومت کا فلم انڈسٹری کی بحالی کا منصوبہ خوش آئند ہے' میگھا

فلم سٹی، فلم فنڈ اور سستے سینما ٹکٹوں سے پاکستانی سینما کو نئی زندگی ملے گی

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ میگھا نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی جانب سے فلم انڈسٹری کی بحالی، جدید فلم سٹی کے قیام اور فلم میکرز کی مالی معاونت کے اقدامات قابل تحسین ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی کاوشوں سے پاکستانی فلمی صنعت کو ترقی کے نئے مواقع ملیں گے۔ ایک انٹرویو میں گلوکارہ نے کہا کہ فلم فنانس فنڈ کے ذریعے فلم میکرز کی حوصلہ افزائی سے نئے ٹیلنٹ کو آگے آنے کا موقع ملے گا۔ ون ڈالر سینما کانسیپٹ کے تحت ٹکٹوں کی قیمت عام شہریوں کی پہنچ میں لانا سینما کلچر کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

سپورٹس SPORTS

پرتگالی فٹبال فیڈریشن کا بڑا فیصلہ، کرسٹیانو رونالڈو پر پابندی عائد

رونالڈو نے قومی ٹیم کے ساتھی کھلاڑیوں اور پرتگالی عوام سے معذرت

لزبن (این این آئی) پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کو قومی ٹیم کے کیمپ سے ناراض ہوکر جانے پر پابندی کا سامنا ہے۔ کوچ جارج جیسز کے ساتھ کھیلنے کے وقت پر اختلافات کے بعد رونالڈو نے ٹیم کا کیمپ چھوڑ دیا تھا جس پر پرتگالی فٹبال فیڈریشن کے ضوابط کے تحت ان کے خلاف کارروائی شروع ہوگئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پابندی کی مدت ایک سے چھ ماہ تک ہوسکتی ہے، جس کا حتمی فیصلہ ڈسپلنری کونسل کرے گی۔ رپورٹ کے مطابق اگر پابندی ایک ماہ سے زیادہ ہوئی تو رونالڈو اگلے ماہ ڈنمارک اور ویلز کے خلاف نیشنز لیگ کے میچز سے محروم ہوسکتے ہیں تاہم ای ایس پی این کی رپورٹ کے مطابق مختصر پابندی کا امکان زیادہ ہے۔

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کے شیڈول کا باقاعدہ اعلان

پاکستان ہاکی فیڈریشن نے موجودہ صورتحال میں ٹیم بھارت بھیجنے سے انکار کیا تھا

لاہور (این این آئی) ایشین ہاکی فیڈریشن (اے ایچ ایف) کی جانب سے ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کے شیڈول کا باقاعدہ اعلان کردیا گیا ہے جبکہ پاکستان کے نہ کھیلنے پر بنگلادیش کو شامل کیے جانے کا باقاعدہ اعلان بھی کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلادیش کو پاکستان کے متبادل کے طور پر ایونٹ میں شامل کیا گیا ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے موجودہ صورتحال میں ٹیم بھارت بھیجنے سے انکار کردیا تھا۔ شیڈول کے مطابق ہاکی چیمپئنز ٹرافی 27 اکتوبر سے بھارت میں شروع ہوگی جبکہ ایونٹ کا فائنل 5 نومبر کو ہوگا۔ ہاکی چیمپئنز ٹرافی کے میچز جالندھر اور موہالی میں کھیلے جائیں گے۔ ایونٹ میں میزبان بھارت کے علاوہ ملائیشیا، جاپان، جنوبی کوریا، چین اور بنگلادیش کی ٹیمیں شامل ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کے برانز اور گولڈ میڈل میچ 5 نومبر کو کھیلے جائیں گے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے پاکستان کے میچز یا ایونٹ کو نیوٹرل وینیو پر منتقل کرنے کی درخواست کی تھی۔ اے ایچ ایف نے پاکستان کی درخواست قبول نہیں کی

بلے باز سارو گنگولی نے اپنی زندگی کی یادگار تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کردیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور عالمی شہرت یافتہ بلے باز سارو گنگولی نے اپنی زندگی کی یادگار تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کردیں۔ سارو گنگولی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ فیس بک پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ پرانے دنوں کی چند یادگار اننگز، جو زندگی بھر کی یادیں بن گئیں۔ گنگولی نے کہا کہ ماضی کی چند ایسی اننگز پر نظر ڈالتے ہیں، جو وقت گزرنے کے باوجود آج بھی یادوں میں شامل ہیں۔ واضح رہے کہ گنگولی کی زندگی پر مبنی فلم 'دادا: دی سورو گنگولی اسٹوری 14 مئی 2027ء کو سینما گھروں میں ریلیز ہونے والی ہے۔ فلم میں گنگولی کے ابتدائی کرکٹ کیریئر سے لے کر ایک نمایاں کھلاڑی اور کامیاب قائد بننے تک کا سفر دکھایا جائے گا۔ فلم کی ہدایت کاری وکرم آدتیہ موٹوانے کررہے ہیں۔

مینز انڈر 19 ایشیا کپ 2026 کے شیڈول کا اعلان

کرکٹ کے میدان میں پاکستان اور بھارت کا ایک اور ٹکراؤ کی خوشخبری

دبئی (این این آئی) کھیلوں کے شائقین کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ کرکٹ کے میدان میں پاکستان اور بھارت کا ایک اور ٹکراؤ ہونے والا ہے۔ ایشین کرکٹ کونسل نے مینز انڈر 19 ایشیا کپ 2026 کے شیڈول کا اعلان کر دیا ہے اور ساتھ ہی پاک بھارت میچ کی تاریخ بھی سامنے آ گئی ہے۔ 50 اوورز پر مشتمل انڈر 19 مینز ایشیا کپ کا میلہ 5 سے 14 نومبر تک عمان میں سجے گا۔ جس میں ایشیا کی 8 بڑی کرکٹ ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔ ایونٹ میں چار چار ٹیموں پر مشتمل دو گروپ بنائے گئے ہیں۔ پاکستان اور بھارت کو ایک ہی گروپ میں رکھا گیا ہے۔ گروپ اے میں پاکستان اور بھارت کے ساتھ یو اے ای اور نیپال کی ٹیمیں شامل ہیں جب کہ گروپ بی میں بنگلہ دیش، سری لنکا، افغانستان اور ملائیشیا انڈر 19 ٹیمیں شامل ہیں۔ شیڈول کے مطابق پاکستان اپنی مہم کا آغاز 6 نومبر کو یو اے ای کے خلاف کرے گا، 10 نومبر کو نیپال سے مقابلہ ہوگا جب کہ ایونٹ کا سب سے بڑا مقابلہ پاک بھارت ٹاکرا 8 نومبر کو ہوگا۔

پاکستان ہاکی کا بگڑا ہوا نظام درست کرنے کیلئے وقت درکار ہے

وزیراعظم کی ہدایت پر ذمہ داری سنبھالی ہے، صدر ہاکی فیڈریشن محی الدین وانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی نے کہا ہے کہ پاکستان ہاکی کا بگڑا ہوا نظام درست کرنے کیلئے وقت درکار ہے، کئی دہائیوں سے قومی ہاکی درگرگوں کا شکار ہے، وزیراعظم کی ہدایت پر ذمہ داری سنبھالی ہے، کوشش ہے کہ تمام فریقین کو بیٹھا کر پاکستان ہاکی کی بہتری کیلئے کام کیا جائے، اس کیلئے ہاکی منتظمین، کھلاڑیوں اور اس ہاکی لورز سب کو مل کر اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ایک انٹرویو میں محی الدین وانی نے کہا کہ ماضی میں پاکستان کھیلوں میں نمایاں مقام رکھتا تھا یہ حقیقت ہے کہ اس وقت کھیلوں کے حوالے سے ہم کافی پیچھے ہوگئے ہیں مجھے جو ذمہ داریاں دی گئی ہیں انہیں احسن طریقے سے ادا کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ ایشین گیمز میں بدترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے نام نہاد ذمہ داروں کو احتساب کے کٹہرے میں لانے، پاکستان سے غیر معروف افراد کو کھیلوں کے نام پر غیر ممالک کا جوائے ٹرپ کرانے، پانچ سے زائد کھیلوں کی تنظیمیں چلانے والے نوشاد احمد کے حوالے سے دیے گئے۔ لیٹر پر سیکرٹری آئی پی سی نے پاکستان اسپورٹس بورڈ سے وضاحت طلب کرلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں بتایا گیا کہ عالمی اور ایشیائی مقابلوں میں شرکت محض رسمی کارروائی اور سیر سپاٹے سے زیادہ کچھ نہیں، ایک کھیل میں باپ بیٹی کی کھلاڑی اور آفیشل کے طور پر شرکت، عمر رسیدہ کھلاڑیوں کی شمولیت اور ایک فیڈریشن کے عہدے دار کا بطور کھلاڑی ٹیم میں شامل ہونا اس کی واضح مثالیں ہیں۔

ABC Certified MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی

تحصیلدار اور وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

شہریوں کو پانی کی فراہمی، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، تین جدید سپورٹس ایرینا ز کا قیام، پارکس اور لیک ویو پارک کی اپ گریڈیشن کے ذریعے سی ڈی اے پاکستان کے وفاقی دارالحکومت کو جدید، معاشی طور پر مستحکم اور عالمی معیار کا خوبصورت شہر بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ یہ جامع ترقیاتی ایجنڈا معمول کی دیکھ بھال سے آگے بڑھ کر بڑے منصوبوں کی تیز رفتار تکمیل، جدید شہری سفری سہولیات اور اسلام آباد کی سرسبز شناخت کے تحفظ پر مرکوز ہے۔ وزیر داخلہ سید محسن نقوی کی قیادت اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی مؤثر نگرانی میں اسلام آباد کی تیز رفتار ترقی کو مختلف سطحوں پر پذیرائی ملی ہے۔ وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے کشمیر چوک انڈر پاس کا سنگِ بنیاد رکھا اور وزیرِ داخلہ محسن نقوی، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف اور سی ڈی اے کی ٹیموں کو منصوبے کی ایک ماہ میں تکمیل کا ہدف مقرر کرنے پر سراہا۔ یہ اقدام سی ڈی اے کی جانب سے انجینئرنگ کے معیار اور عوامی تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے سی ڈی اے تمام منصوبوں کو مؤثر اور تیز رفتار انداز میں مکمل کرنے کے لیے کاوشاں ہے۔ *ٹریفک کے دباؤ میں کمی اور شہری سفری نظام کو بہتر بنانے کے لیے سی ڈی اے نے متعدد اہم انڈر پاسز اور سڑکوں کی بحالی کے منصوبے مکمل کیے ہیں۔ ان منصوبوں میں مارگلہ روڈ اور نائنتھ ایونیو انڈر پاس شامل ہیں، جن سے ٹریفک کی روانی بہتر بنانے میں مدد ملی ہے۔ اس کے علاوہ شاہین چوک انڈر پاس اور فیصل ایونیو انڈر پاس جیسے منصوبوں نے رہائشی اور تجارتی مراکز کے درمیان رابطوں کو بہتر بنانے میں کردار ادا کیا ہے۔ *سی ڈی اے نے ایف سیریز، جی سیریز اور بلیو ایریا سمیت مختلف تجارتی اور رہائشی علاقوں میں سڑکوں کی دوبارہ کارپیٹنگ اور پیدل چلنے والوں کے راستوں کی بہتری کے کام بھی مکمل کیے ہیں۔ حالیہ کامیابیوں کی بنیاد پر سی ڈی اے دارالحکومت کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور قیمتی عوامی اثاثوں کی واگزاری کے لیے متعدد اہم منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہا ہے۔ ایک ارب 40 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا کشمیر چوک انڈر پاس اسلام آباد اور راولپنڈی کے درمیان ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے ایک اہم منصوبہ ہے۔ اس کے ساتھ اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ کی تعمیر اور سفارتی علاقے (ڈپلومیٹک انکلیو) میں بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈیشن پر بھی کام جاری ہے تاکہ شہریوں اور سفارتی برادری کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ سی ڈی اے نے سیکٹر آئی 12- میں دہائیوں سے قبضے کا شکار ایک ہزار کنال سے زائد قیمتی سرکاری اراضی بھی واگزار کرائی ہے، جس کی مالیت اربوں روپے بتائی جاتی ہے۔ اس اقدام سے سیکٹر آئی 12- کی جامع ترقی اور منصوبہ بندی کے مطابق تعمیراتی سرگرمیوں کے لیے راہ ہموار ہوئی ہے۔ اسلام آباد میں کھیلوں کے فروغ اور شہریوں کو جدید تفریحی وصحت مند سرگرمیوں کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تین جدید سپورٹس ایرینا ز قائم کیے جا رہے ہیں۔ یہ اقدام وفاقی دارالحکومت میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے، نوجوانوں کو کھیلوں کے مواقع فراہم کرنے اور شہریوں کے لیے صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دینے کے عزم کا حصہ ہے۔ ان منصوبوں کے ذریعے اسلام آباد میں کھیلوں کی سہولیات کو مزید وسعت دینے اور شہر کو جدید شہری سہولیات سے آراستہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ایک جدید دارالحکومت میں ترقیاتی وسعت اور ماحولیاتی تحفظ کے درمیان توازن برقرار رکھنا ضروری ہے۔ سی ڈی اے اسلام آباد کے قدرتی مناظر، سرسبز ماحول اور عوامی سہولیات کے تحفظ کو خصوصی اہمیت دے رہا ہے۔ ایف نائن پارک، لیک ویو پارک اور دامن کوہ کی بہتری کے اقدامات کے ساتھ شجرکاری مہم بھی جاری ہے۔ اس کے علاوہ غیر قانونی تجاوزات کے خلاف قانون کے مطابق کارروائیاں کی جارہی ہیں تاکہ شہر کی خوبصورتی، سرکاری اراضی اور عوامی مقامات کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ وفاقی وزیرِ داخلہ سید محسن رضا نقوی کے ویژن اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی مؤثر سربراہی میں سی ڈی اے شہری ترقی، ماحولیات، کھیلوں اور عوامی سہولیات کے مختلف شعبوں میں اقدامات کر رہا ہے۔ ان کوششوں کا مقصد اسلام آباد کو ایک خوبصورت، سرسبز، منظم اور مثالی دارالحکومت بنانا ہے، جہاں شہریوں کو بہتر سفری سہولیات، جدید کھیلوں کے مراکز، معیاری عوامی مقامات اور بہتر شہری خدمات میسر ہوں۔ اسلام آباد میں سفری اوقات میں کمی، رابطوں میں بہتری اور بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈیشن سے کاروباری سرگرمیوں کو سہولت ملنے اور کاروباری اخراجات میں کمی کے امکانات پیدا ہو رہے ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے شہر کی معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ وزیرِ داخلہ سید محسن نقوی کے ویژن اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی کڑی نگرانی میں اس امر کو یقینی بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں پر خرچ ہونے والے سرکاری وسائل شہریوں کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی بہتری اور پائیدار ترقی کے لیے مؤثر انداز میں استعمال ہوں، تاکہ ان منصوبوں کے فوائد نہ صرف آج بلکہ مستقبل میں بھی اسلام آباد کے شہریوں تک پہنچتے رہیں۔

بقیہ 2

چوراہوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ شہر کے داخلی راستوں پر بھاری نفری پہنچادی گئی، ریڈ زون میں غیر متعلقہ افراد کا داخلہ بند کردیا گیا اور حساس عمارتوں پر رینجرز بھی تعینات کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق تمام ایس پیز، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز کو فیلڈ میں رہنے اور کسی بھی جگہ بینرز یا ہجوم نظر آنے پر فوری کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ 3

فورسز نے ضلع پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے افغانستان سے گولہ بارود منتقل کرنے کا منصوبہ ناکام بنایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ضلع پشین کے علاقہ سرانان میں سکیورٹی فورسز نے گودام پر چھاپہ مار کر اسلحہ و گولہ بارود سے بھری گاڑی پکڑلی، گاڑی سے 3 آر پی جی، 4 لائٹ مشین گنز، مشین گن، دستی بم، راکٹس اور بھاری مقدار میں گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے بعد علاقے میں دہشت گرد عناصر کی ممکنہ موجودگی کے پیش نظر تاحال سرچ آپریشن جاری ہے۔ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بلوچستان میں امن واستحکام کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 4

کہا کہ صوبے کے عوام نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ مزید فتنہ الخوارج کا ساتھ نہیں دیں گے اور سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ دہشت گردوں کے خلاف آخری دم تک لڑیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام انتشار اور بدامنی کے بجائے پرامن اور خوشحال مستقبل چاہتے ہیں، عوام دیگر صوبوں کے ساتھ برادرانہ تعلقات اور باہمی تعاون کے خواہاں ہیں اور مشترکہ کوششوں اور باہمی تجربات سے صوبے میں ترقی وخوشحالی کو فروغ دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے امن پسند عوام دہشت گردی اور پرتشدد کارروائیوں کی ہرگز حمایت نہیں کرتے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی قسم کی قانون شکنی، اشتعال انگیزی اور دنگا فساد سے اجتناب کریں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ امن وامان خراب کرنے اور قانون ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 5

لگانے کا عمل شروع کردیا گیا۔ جناح ٹرمینل ائیرپورٹ (اسٹارگیٹ) پر عمرہ زائرین سمیت دیگر بین الاقوامی مسافروں کو پولیو، گردن توڑ بخار اور یلو فیور سمیت قابل اطلاق ویکسین لگانے کا عمل شروع کردیا گیا ہے۔ اس مقصد کیلئے بارڈر ہیلتھ سروسز کے زیر انتظام انٹرنیشنل ٹریول ویکسی نیشن سینٹر فعال کردیا گیا ہے، جہاں مسافروں کو 24 گھنٹے ویکسی نیشن کی سہولت فراہم کی جائیگی۔ واضح رہے کہ عمرہ زائرین کیلئے گردن توڑ اور پولیو جبکہ افریقہ و شمالی امریکا کے لیے یلو فیور ویکسین لگوانے کی لازمی شرط پر عملدرآمد کی مدت میں 10 اکتوبر کے درمیان دو مرتبہ توسیع کی جاچکی ہے۔ بارڈر ہیلتھ حکام کے مطابق بین الاقوامی سفر سے قبل پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والے مسافروں کے لیے منزل، ٹرانزٹ اور سفر کے پروگرام کے مطابق متعلقہ ویکسین لگوانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 6

خارجہ اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے اپنے عہدے کا چارج چھوڑ دیا ہے بتایا گیا ہے کہ عاصم افتخار احمد آج (پیر) کے روز ملک کے 34ویں سیکرٹری خارجہ کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ عاصم افتخار آج نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات بھی کریں گے۔

بقیہ 7

۔ بچیوں کے حقوق کے تحفظ، تعلیم کے فروغ اور انہیں خودمختار بنانے کے لیے اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کرنے پر زور دیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ ہر بیٹی کو ایسا محفوظ اور سازگار ماحول ملنا چاہیے جہاں وہ اپنے خواب پورے کر سکے اور ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرے۔ بیٹیوں کا حوصلہ، عزم اور صلاحیتیں دنیا کو بدلنے کی طاقت رکھتی ہیں، وہ آگے بڑھیں، حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہماری بیٹیاں، بہنیں اور بچیاں قوم کا مستقبل ہیں۔ بیٹیوں کی پرورش اور دیکھ بھال نہ صرف ان کا حق ہے بلکہ یہ ایک قومی فریضہ بھی ہے۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے کہا کہ حکومتِ پنجاب بچیوں اور خواتین کی تعلیم، تحفظ، صحت اور فلاح و بہبود کے لیے بہترین روڈ میپ پر عمل پیرا ہے۔ بیٹیوں کو تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنا اور ان کے روشن مستقبل کو یقینی بنانا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ حکومت پنجاب نے بیٹیوں کے حصول تعلیم میں آسانی کے لیے لیپ ٹاپ تقسیم کیے ہیں۔ بیٹیوں کی تعلیم میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے اسکالرشپس فراہم کی جارہی ہیں۔

بقیہ 8

بے حسی، سنگدلی اور ناانصافی کی لاش ہے، مروجہ قوانین اور سزا کے پیچیدہ عمل کے باعث معصوم لائبہ کی موت کا ذمہ دار مجرم چند برس بعد پھر آزاد ہوگا، خون ناحق کا بدلہ خون ہی ہوسکتا ہے، ہر موڑ پر قوم کی بیٹی لائبہ لٹ رہی ہے لیکن اس لوٹ مار کو روکنے والا کوئی نہیں، اقتدار واختیار کے ارتکاز کی دہائیوں سے جاری جنگ وجدل سے فرصت اگر ملے تو کوئی ان بے بس فریادیوں کو انصاف دلانے کا نظام وضع کرے۔

بقیہ 9

چک بھٹہ کے رہائشی شبیر کا بدبخت خاندان موٹر سائیکل پر رسم سوئم کے ختم کی تقریب میں موٹر سائیکل پر سوار ہوکر ملہوآنہ موڑ کی طرف جارہا تھا کہ اڈہ پیر عبدالرحمٰن کے نزدیک کار سے ٹکرا گیا جس کے نتیجہ میں شبیر کی بیوی پٹھانی مائی اور بیٹا شوکت موقع پر جاں بحق ہوگئے جبکہ بہو ارشاد مائی شدید زخمی ہوگئی۔

بقیہ 10

جبکہ سعودی عرب نے حملہ کو جنگی جرم قرار دیتے ہوئے حملے کا جواب دینے کا عزم ظاہر کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر یمنی حوثیوں کے حملے میں 12 افراد جاں بحق اور 300 سے زائد افراد زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے جن میں بعض کی حالت نازک ہے، جس کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد میں اضافہ کا خدشہ ہے۔ غیر ملکی میڈیا نے ریاض کے ایک ہسپتال ذریعے کے حوالے سے بتایا تھا کہ زخمیوں میں سے پانچ کی حالت تشویشناک ہے اور انھیں انتہائی نگہداشت کے یونٹ میں رکھا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق زخمیوں میں سے اکثریت سعودی شہریوں کی ہے جبکہ بعض زخمیوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے طبی مراکز منتقل کیا گیا۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والوں میں چار سعودی، بنگلہ دیش کے دو شہری، اور امریکہ، اردن، فلسطین، شام، سوڈان اور مصر کا ایک، ایک شہری شامل ہے۔

بقیہ 11

کو جنگ میں دھکیلنے کی سازش کا سنجیدگی سے جائزہ لینا ہوگا۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت، بے گناہ شہریوں کی ہلاکت پر دلی رنج وغم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حملہ پوری امت مسلمہ کے لیے لمحہ فکریہ ہے، مسلم ممالک کو جنگ میں دھکیلنے کی سازش کا سنجیدگی سے جائزہ لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دشمنوں کے ان ناپاک عزائم کا مقابلہ باہمی اتحاد واتفاق سے ممکن ہے۔

بقیہ 12

قصبہ ساہیوال کے علاقہ سیال شریف کے قریب تیز رفتار 2 2ویلر ٹریلر کی موٹر سائیکل نمبر (SGN-5996) کو ٹکر مار میں اس پر سوار بگا بلوچاں کا 20 سالہ نوجوان ذیشان حیدر جاں بحق اور 13 سالہ کومل بچی ہوگئی جن کو ٹی ایچ کیو (THQ) ہسپتال ساہیوال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 13

ظاہر کیا، امیگریشن کلیئرنس کے دوران مسافر کی شناخت مشکوک پائی گئی۔ مزید تفتیش پر امریکی پاسپورٹ پر لگی 22 مئی 2026 کی آمد کی مہر جعلی نکلی۔ امیگریشن ریکارڈ کے مطابق اصل پاسپورٹ ہولڈر 23 مارچ 2026 کو پاکستان سے بیرون ملک روانہ ہو چکا تھا۔ مسافر اپنی اصل شناخت ظاہر نہ کر سکا جس پر امیگریشن حکام نے مزید تصدیق کے بعد آف لوڈ کر دیا۔ مسافر کو مزید قانونی کاروائی کے لیے مسافر ایف آئی اے، اے ایچ ٹی سی لاہور کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 14

گیا۔ اس تربیتی نشست کا بنیادی مقصد پینل وکلاء کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ، خواتین پر تشدد سے متعلق مقدمات میں مؤثر قانونی معاونت کی فراہمی، خواتین کے حقوق کے تحفظ اور قانون پر مؤثر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری کو فروغ دینا تھا۔ شرکاء اور ریسورس پرسن تربیتی نشست میں ضلع راولپنڈی کے پینل وکلاء، جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) کی پروجیکٹ لیڈر محترمہ نوریکو ہارا، جائیکا ہیڈ آفس کے دیگر نمائندگان اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی کی قیادت نے شرکت کی۔ نشست میں شریک اہم شخصیات درج ذیل تھیں۔ محترمہ خدیجہ، مساوی (Masawai): ریسورس پرسن، جنہوں نے تربیتی نشست میں قانون کے مؤثر نفاذ اور خواتین کو قانونی معاونت فراہم کرنے کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی۔ محترمہ نوریکو ہارا: پروجیکٹ لیڈر، جائیکا (JICA)، جنہوں نے تربیتی نشست میں شرکت کی۔ جائیکا ہیڈ آفس کے نمائندگان: جنہوں نے نشست میں شرکت کرتے ہوئے اس اہم اقدام میں اپنا تعاون فراہم کیا۔ ساجد علی اعوان: صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی، جنہوں نے تربیتی نشست میں شرکت کی۔ جنرل سیکرٹری، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی: جنہوں نے بھی تربیتی نشست میں شرکت کی اور اس اقدام کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس ایک روزہ تربیتی نشست کے اہم مقاصد درج ذیل تھے۔ پینل وکلاء کو پنجاب خواتین پر تشدد کے خلاف قانون 2016ء کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا۔ خواتین پر تشدد کے مقدمات میں مؤثر قانونی معاونت فراہم کرنے کے لیے وکلاء کی صلاحیتوں کو بہتر بنانا۔ ضلع راولپنڈی میں قانون پر مؤثر عمل درآمد کو فروغ دینا۔ خواتین کو بروقت اور بہتر قانونی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری کو مضبوط کرنا۔ مقدمات کی پیروی کے دوران پیش آنے والے مسائل اور چیلنجز پر تبادلہ خیال کرنا۔ خواتین کی عزت، رازداری اور قانونی حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے متاثرہ خواتین کو مؤثر قانونی معاونت فراہم کرنا۔ تربیتی نشست کا آغاز شرکاء کو نشست کے مقاصد اور خواتین کے تحفظ کے لیے متعلقہ قانون کی اہمیت سے آگاہ کرنے کے ساتھ کیا گیا۔ ریسورس پرسن محترمہ خدیجہ، مساوی نے شرکاء کو پنجاب خواتین پر تشدد کے خلاف قانون 2016ء کے مؤثر نفاذ اور خواتین کو قانونی تحفظ فراہم کرنے کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پینل وکلاء خواتین کو ان کے قانونی حقوق سے آگاہ کرنے اور انہیں انصاف کے حصول میں معاونت فراہم کرنے کے لیے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ نشست کے دوران خواتین پر تشدد سے متعلق مقدمات میں قانونی معاونت، مقدمات کی مؤثر پیروی، متاثرہ خواتین کو دستیاب قانونی چارہ جوئی کے طریقہ کار سے آگاہ کرنے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ بہتر رابطہ کاری کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء کو اس بات کی اہمیت سے بھی آگاہ کیا گیا کہ خواتین سے متعلق مقدمات میں پیشہ ورانہ رویہ اختیار کیا جائے اور ان کی عزت، رازداری اور حقوق کا مکمل خیال رکھا جائے۔ پروجیکٹ لیڈر محترمہ نوریکو ہارا اور جائیکا ہیڈ آفس کے نمائندگان کی شرکت نے خواتین کے تحفظ کے لیے ادارہ جاتی تعاون اور صلاحیت سازی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اسی طرح صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی ساجد علی اعوان اور جنرل سیکرٹری کی شرکت نے اس امر کو نمایاں کیا کہ خواتین کو انصاف کی فراہمی اور قانون کے مؤثر نفاذ میں وکلاء برادری کا کردار نہایت اہم ہے۔ تربیتی نشست کے دوران درج ذیل امور پر خصوصی توجہ دی گئی پنجاب خواتین پر تشدد کے خلاف قانون 2016ء کے بارے میں قانونی آگاہی۔ متاثرہ خواتین کو مؤثر اور بروقت قانونی معاونت کی فراہمی۔ خواتین پر تشدد سے متعلق مقدمات کی بہتر پیروی اور قانونی کارروائی میں معاونت۔ متاثرہ خواتین کی عزت، رازداری اور حقوق کا تحفظ۔ پینل وکلاء، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اور متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانا۔ قانون پر عمل درآمد اور مقدمات کی پیروی میں درپیش عملی مشکلات کی نشاندہی۔ خواتین کے لیے قابل رسائی، مؤثر اور معیاری قانونی خدمات کی فراہمی کو فروغ دینا۔ اس تربیتی نشست کے ذریعے پینل وکلاء کو خواتین پر تشدد کے خلاف قانون کے مؤثر نفاذ اور خواتین کو بہتر قانونی خدمات فراہم کرنے کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ نشست نے شرکاء کو اپنے تجربات شیئر کرنے، مقدمات کی پیروی میں درپیش مسائل پر گفتگو کرنے اور قانونی معاونت کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز پیش کرنے کا موقع فراہم کیا جائیکا کے نمائندگان اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی قیادت کی شرکت سے متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون اور باہمی رابطہ کاری کی اہمیت مزید اجاگر ہوئی۔ شرکاء کی جانب سے ضلعی وومن پروٹیکشن ٹیم کی کاوشوں کو سراہنا تربیتی نشست کے شرکاء نے اس اہم اور معلوماتی نشست کے انعقاد پر ضلعی وومن پروٹیکشن ٹیم راولپنڈی کی کاوشوں کو سراہا اور شکریہ ادا کیا۔ شرکاء نے اس بات کا اظہار کیا کہ اس نوعیت کی تربیتی نشستیں پینل وکلاء کے لیے نہایت مفید ہیں، کیونکہ ان کے ذریعے قانون کے عملی نفاذ، مقدمات کی بہتر پیروی اور خواتین کو مؤثر قانونی معاونت فراہم کرنے کے حوالے سے معلومات اور تجربات میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اس نشست میں ہونے والی گفتگو مستقبل میں خواتین پر تشدد سے متعلق مقدمات کی کارروائی، قانونی رہنمائی اور متاثرہ خواتین کو بہتر خدمات فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ شرکاء نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اس طرح کی نشستوں کا تسلسل برقرار رہنا چاہیے تاکہ پینل وکلاء کو پیشہ ورانہ رہنمائی حاصل ہوتی رہے اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنایا جاسکے۔ ضلعی وومن پروٹیکشن آفیسر کی جانب سے اظہار تشکر اختتامی کلمات میں محترمہ رضوانہ بشیر، ضلعی وومن پروٹیکشن آفیسر راولپنڈی نے تمام شرکاء، معزز مہمانانِ گرامی، ریسورس پرسن محترمہ خدیجہ، جائیکا کی پروجیکٹ لیڈر محترمہ نوریکو ہارا، جائیکا ہیڈ آفس کے نمائندگان، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی ساجد علی اعوان اور جنرل سیکرٹری کا تربیتی نشست میں شرکت کرنے اور اپنا قیمتی وقت دینے پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پینل وکلاء کی شرکت اور دلچسپی کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ خواتین کے حقوق کے تحفظ، قانونی معاونت کی فراہمی اور پنجاب خواتین پر تشدد کے خلاف قانون 2016ء کے مؤثر نفاذ کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھا جائے گا۔ رضوانہ بشیر نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ مستقبل میں اس نوعیت کی تربیتی نشستوں اور ریفریشر ٹریننگ کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ پینل وکلاء کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں مزید اضافہ ہو، مقدمات کی پیروی کو بہتر بنایا جاسکے اور خواتین کو بروقت اور مؤثر قانونی خدمات فراہم کی جا سکیں۔ ضلع راولپنڈی میں پینل وکلاء کے لیے منعقدہ ایک روزہ تربیتی نشست خواتین پر تشدد کے خلاف قانون 2016ء کے مؤثر نفاذ اور خواتین کو بہتر قانونی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت تھی۔ ریسورس پرسن محترمہ خدیجہ، جائیکا کی پروجیکٹ لیڈر محترمہ نوریکو ہارا، جائیکا ہیڈ آفس کے نمائندگان، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی ساجد علی اعوان اور جنرل سیکرٹری کی شرکت نے اس بات کو اجاگر کیا کہ خواتین کو انصاف کی فراہمی کے لیے قانونی برادری اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون ناگزیر ہے۔ شرکاء کی جانب سے ضلعی وومن پروٹیکشن ٹیم کی کاوشوں کو سراہنا اور مستقبل میں ریفریشر ٹریننگ کے انعقاد کی خواہش کا اظہار اس نشست کی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ آخر میں ضلعی وومن پروٹیکشن آفیسر محترمہ رضوانہ بشیر نے تمام شرکاء اور مہمانانِ گرامی کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی اس نوعیت کی تربیتی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھنے کی کوشش کی جائے گی، تاکہ پینل وکلاء کی صلاحیتوں میں اضافہ، مقدمات کی بہتر پیروی اور خواتین کے لیے مؤثر قانونی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 15

کا جائزہ لیا۔ کابینہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ سے کے پی حکومت کی دانستہ لاتعلقی کے پیش نظر حالات کا جائزہ لیا، کابینہ نے وزیرِ اعظم کو تجویز دی کہ صدر مملکت کو مشورہ دیں کہ صدر مملکت آئینی اختیار استعمال کریں، صدرِ مملکت آئینی اختیار استعمال کرتے ہوئے صوبہ کے پی میں ایمرجنسی کا نفاذ کریں۔ اعلامیہ کے مطابق صدر کو مشورہ دیں کہ خیبر پختونخوا میں آئین کے آرٹیکل 232، 234 کے تحت ایمرجنسی نافذ کریں، آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگا دی جائے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ اس ضمن میں وزیرِ اعظم ہاؤس سے ایڈوائس ایوان صدر بھجوادی گئی۔ بعد ازاں صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی سمری پر دستخط کر دیے۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت نے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی اور گورنر راج کی سمری پر دستخط کیے۔ ایوان صدر کے اعلامیہ کے مطابق دہشت گردی کے واقعات میں غیر معمولی شدت سے عوام کے جان و مال کو سنگین خطرات ہیں، صدرِ پاکستان نے خیبر پختونخوا میں آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اعلامیہ کے مطابق خیبر پختون خوا میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات، امن و امان کی سنگین صورتحال پر ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا۔ ایوان صدر نے کہا کہ سرکاری تنصیبات، بنیادی ڈھانچے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر دہشت گرد حملے بڑھے، صوبائی حکومت دہشت گردی اور لاقانونیت کے مؤثر تدارک میں ناکام رہی۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ ایمرجنسی کے نفاذ کے ساتھ اعلان کیا گیا کہ صوبائی حکومت موجودہ حالات میں آئین کے مطابق نہیں چلائی جاسکتی، وفاقی حکومت گورنر کے پی کو تمام یا بعض صوبائی امور اپنے اختیار میں لینے کی ہدایت دے سکے گی۔ ایوان صدر کی جانب سے کہا گیا کہ صوبائی اسمبلی کے علاوہ صوبے کے دیگر اداروں، حکام کے اختیارات گورنر استعمال کرسکیں گے، وزیرِ اعلیٰ، صوبائی وزرا، مشیران، معاونین خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل اپنے عہدے فوری طور پر چھوڑ دیں گے، صدارتی اعلان فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، صدر نے کے پی میں سنگین صورتِ حال کے پیش نظر فوری آئینی اقدام ضروری قرار دیا۔

بقیہ 16

پالیسیوں پر سنجیدہ سوالات ہیں، جن کے باعث موجودہ حالات پیدا ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ امن جرگے کی متفقہ قرارداد پر عمل درآمد کیا جائے، جس پر تمام سیاسی جماعتیں متفق تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے اہم معاملات میں عوام کے بنیادی حقوق اور اختیارات کو نظرانداز کرنا ناقابلِ قبول ہے، تمام سیاسی جماعتیں خیبر پختونخوا کے حقوق کے تحفظ کیلئے آواز اٹھائیں، یہ صوبے کے آئینی حقوق پر ڈاکہ ہے، جو نامنظور ہے ! ہم اپنی آئینی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 17

اظہار کیا۔ قبل ازیں ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال محمد شاہد رانا نے بریگیڈیئر (ر) طاہر ملک کے ہمراہ صنعتی نمائش کا افتتاح کیا۔

بقیہ 18

میں غیر متعلقہ افراد کا داخلہ بند کردیا گیا اور حساس عمارتوں پر رینجرز بھی تعینات کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق تمام ایس پیز، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز کو فیلڈ میں رہنے اور کسی بھی جگہ بینرز یا ہجوم نظر آنے پر فوری کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ 19

الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ اہل پاکستان سعودی عرب کی سلامتی کے لیے ہر قدم پر ساتھ ہیں۔

بقیہ 20

ڈی اور پولیس کو مضبوط نہیں کیا گیا، کے پی حکومت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کے بجائے خاموش ہے اور دہشت گردوں کے خلاف ایک لفظ نہیں بولتی، افواج پاکستان چن چن کر دہشت گردوں کو جہنم رسید کررہی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پولیس اور سی ٹی ڈی کو ہتھیاروں سے لیس کرنا خیبر پختونخوا حکومت کی ذمے داری ہے، دہشت گردوں کا مقابلہ کرنا وفاق کے ساتھ صوبے کا بھی فرض ہے، کے پی حکومت خاموش ہے اور صورتحال ہر روز خراب ہوتی جارہی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کے پی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا ناپاک منصوبہ بنایا، ٹیم ورک کے ذریعے اقتصادی اشاریے بہتری کی طرف جارہے ہیں، کیا کے پی حکومت بار بار حالات خراب کرنا چاہتی ہے؟ قانون اپنا راستہ اپنائے گا اور ہر صورت اپنائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ فیصلہ کیا ہے کہ کے پی حکومت کے پاس ایک وفد بھیجا جائے تاکہ معاملات حل ہوجائیں، پی ٹی آئی کے ساتھ خلوص نیت سے بات چیت ہوئی، خیبر پختونخوا پاکستان کی فرنٹ لائن تھی جو دہشت گردوں سے نبرد آزما تھی، تقریباً 800 ارب روپے خیبر پختونخوا حکومت کو دیے جاچکے ہیں، لیکن صوبے میں نہ پولیس کو مضبوط کیا گیا اور نہ سی ٹی ڈی کو۔ وزیراعظم نے سوال کیا کہ کیا آج کے پی حکومت یا وزیراعلی کو دہشت گردی سے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کرنے اور شہدا کے لیے دو بول کہنے کی توفیق نہیں ہوئی؟ وزیراعظم نے کہا کہ یہ دوبارہ پاکستان کو تباہی کے دہانے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں، اس سے زیادہ ملک دشمنی کی کوئی اور حرکت نہیں ہوسکتی، ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ان کے پاس ایک وفد بھیجیں گے، ہماری کوشش ہے کہ لوگ بربادی سے بچ جائیں۔

بقیہ 21

گیٹ نمبر 5 کے قریب کنٹینرز کی بڑی تعداد پہنچا دی گئی ہے۔ اڈیالہ جیل کے سامنے واٹر کین بھی پہنچا دی گئی ہے اور جیل کے اطراف اینٹی رائٹ فورس تعینات کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ روڈ پر 8 مقامات پر نئے ناکے قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اڈیالہ جیل کے قریب سے گزرنے والی گاڑیوں کی سخت چیکنگ کی جائے گی، جبکہ اڈیالہ روڈ سے گزرنے والے افراد کے شناختی کارڈ بھی چیک کیے جائیں گے۔ پولیس ذرائع کے مطابق اڈیالہ روڈ اور گردونواح کے شہری پریشانی سے بچنے کے لیے اپنے شناختی کارڈ ساتھ رکھیں۔ راولپنڈی انتظامیہ نے پہلے ہی 8 نومبر تک دفعہ 144 نافذ کررکھی ہے۔

بقیہ 22

میں مبتلا کردیا ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ مکہ دفاعی اتحاد بہت اہم ہے۔ انہوں نے کہا سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ دفاعی معاہدے پر عمل درآمد کے لیے احتیاط کا دامن پکڑے ہوئے ہیں۔ نائب امیرِ جماعت اسلامی پاکستان نے کہا کہ مشرق وسطی کی جنگ نئی خطرناک صورتحال میں داخل ہوگئی ہے۔

بقیہ 23

وزیراعظم نے کہا کہ وہ زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے دعاگو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں، ایسے پرتشدد اقدامات علاقائی امن واستحکام کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی کرنے والے حملے فوری بند کیے جائیں۔ شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی حمایت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے عزم پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات اور دیرینہ وابستگی مزید مستحکم ہے۔ دریں اثناء پاکستانی دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان ریاض میں شاہ خالد ائیرپورٹ پر حوثیوں کے تازہ ترین دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتا ہے، شہری ہوائی اڈے کو نشانہ بنانا دہشت گردی کی ایک گھناؤنی کارروائی ہے۔ وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق یہ حملہ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی اور علاقائی امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہے، حملے کے نتیجے میں جانی نقصان پر گہری تشویش کا اظہار ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ہماری دعائیں متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں، حوثیوں کی جانب سے شہری آبادی اور انفراسٹرکچر کو مسلسل نشانہ بنانا مکمل طور پر ناقابلِ قبول ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق عالمی برادری کو ایسے اقدامات کی غیر مشروط مذمت کرنی چاہیے۔

بقیہ 24

بیان میں کہا کہ میری اور پورے اراکین پارلیمنٹ کی سکیورٹی خیبر پختونخوا پولیس نے واپس لے لی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یا کسی پارلیمنٹیرین کو نقصان پہنچا تو اس کے ذمہ دار آئی جی خیبر پختونخوا ہوں گے۔

بقیہ 25

آخری بوگی پٹڑی سے اتر گئی، تاہم حادثے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ حکام کے مطابق ٹرین پشاور کی جانب روانہ ہوگئی، پٹڑی سے اترنے والی آخری بوگی تاحال ٹریک پر موجود ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق حادثے کے باعث ریلوے ٹریک تاحال بند، بحالی کا عمل جاری ہے۔

بقیہ 26

توانائی کے پاور ڈویژن میں بطور وفاقی سیکرٹری فرائض انجام دے رہے تھے۔ ان کا تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع مردان سے ہے اور وہ انتظامی امور کا وسیع اور طویل تجربہ رکھتے ہیں۔ وفاقی حکومت کی جانب سے اس اعلیٰ سطحی تعیناتی کا نوٹیفکیشن 11 اکتوبر 2026 کو جاری کیا گیا۔ ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے گریڈ 22 کے افسر ہیں۔ یاد رہے کہ ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کا تعلق ضلع مردان خیبر پختونخوا سے ہے۔ دوسری جانب اعلامیہ کے مطابق گریڈ 20 کے افسر محمد یحییٰ اخونزادہ کی خدمات خیبر پختونخوا حکومت کے حوالے کردی گئیں، محمد یحییٰ اخونزادہ کو فاٹا کونسل کا ایڈیشنل چیف سیکرٹری تعینات کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 27

وصول کرنے پر صارف کو دستخط شدہ رسید دینا لازمی قرار دیا گیا ہے، رسید میں موصول ہونے والی تمام ملکیتی دستاویزات کی فہرست درج ہوگی، گھر، اپارٹمنٹ یا پلاٹ قرض دینے والے ادارے کے حق میں رہن رکھنا ہوگا، 50 لاکھ روپے تک کے ہاؤسنگ فنانس پر لین درج کر کے بھی قرض دیا جاسکے گا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق قابل تجدید توانائی کے قرض کے لیے ضمانت کے بغیر فنانسنگ کی اجازت ہوگی، سولر سمیت نصب شدہ آلات رہن رکھ کر بھی مالی معاونت حاصل کی جاسکے گی، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر بھی ہاؤسنگ فنانس مل سکے گا، پنجاب کے گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ یا دیگر صوبوں کے مساوی سرٹیفکیٹ قابل قبول ہوگا، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ ملکیت، قبضے اور حق ملکیت کی تصدیق کرے گا، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ پر اضافی تاریخی یا علیحدہ ملکیتی دستاویزات ضروری نہیں، بینکوں اور ترقیاتی مالیاتی اداروں کو نئے ضوابط پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 28

اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا۔

بقیہ 29

کو گرفتار کر لیا۔ متاثرہ خاتون کا میڈیکل پراسس کرایا گیا ہے، ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ زیر حراست اشخاص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 30

سفیان کو تفصیلی پوچھ گچھ کے بعد آف لوڈ کردیا، مزید تفتیش کے لیے ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی کے حوالے کردیا ہے، دوران پوچھ گچھ مسافروں نے انکشاف کیا کہ مبینہ ایجنٹ عمرہ کے سفر کو استعمال کرتے ہوئے سعودی عرب سے مصر، پھر لیبیا اور وہاں سے کشتی کے ذریعے اٹلی پہنچانے کا منصوبہ بنا رہا تھا۔ اس مبینہ راستے کے ذریعے غیر قانونی طور پر یورپ پہنچانے کی کوشش سے متعلق معلومات سامنے آئی ہیں۔ ابتدائی معلومات کے مطابق، ابوبکر نامی مبینہ ایجنٹ، رہائشی گجرات نے اس سفر کے لیے مجموعی طور پر 40 لاکھ روپے میں معاملہ طے کیا تھا، مسافروں کی جانب سے 5 لاکھ روپے کی ادائیگی کیے جانے کا انکشاف ہوا، ادائیگی سے متعلق اسکرین شاٹ بھی حاصل کیا گیا ہے، جس کا مزید جائزہ لیا جائے گا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق، مذکورہ ایجنٹ کا رابطہ نمبر بھی حاصل کرلیا گیا ہے، جبکہ اس کی شناخت، مالی لین دین اور مبینہ نیٹ ورک سے تعلق کی مزید تصدیق کی جارہی ہے۔

بقیہ 31

بھی اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ گریڈ 19 کے کیپٹن (ر) میاں عادل اقبال، گریڈ 18 کے وقار علی، گریڈ 21 کے عنبر علی خان اور گریڈ 18 کے کیپٹن (ر) ثنااللہ خان کو بھی اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، گریڈ 20 کے سہیل خان، گریڈ 18 کے محمد احتشام الحق، گریڈ 18 کے محمد فہیم، گریڈ 19 کے محمد عثمان کا کے پی کے سے تبادلہ کر کے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گریڈ 19 کے کیپٹن (ر) سرمد سلیم اکرم اور گریڈ 19 کے شفیع اللہ خان کو تبدیل کر کے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم ملا ہے۔

بقیہ 32

کرائی گئی ہے تاکہ پولیس اہلکاروں کو مذہبی سفر کی سعادت حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جا سکے۔ اس سکیم کے تحت قرعہ اندازی کے ذریعے حج کے لیے پانچ اور عمرہ کے لیے چار خوش نصیب ملازمین کا انتخاب کیا جائے گا (عمرہ کے لیے ہر تین ماہ بعد قرعہ اندازی کے ذریعے ایک ملازم کا انتخاب کیا جائے گا)۔ انہوں نے کہا کہ دلچسپی رکھنے والے ملازمین مقررہ طریقہ کار کے مطابق اپنی درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں اور درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 21 اکتوبر مقرر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ درخواستیں مقررہ تاریخ سے قبل ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز کے دفتر میں جمع کرائی جانی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سکیم ان پولیس اہلکاروں کے لیے کیے جانے والے فلاحی اقدامات کا حصہ ہے جو شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے مشکل حالات میں اپنے فرائض سرانجام دیتے ہیں۔ آئی جی محمد سہیل چوہدری نے پولیس افسران اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دی ہے، جس کا مقصد خدمات انجام دینے والے اہلکاروں کو بہتر سہولیات اور معاونت فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 33

مریضوں کی تعداد 40 جبکہ پنجاب بھر میں 179 تک پہنچ چکی ہے۔ صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ ڈینگی ہاٹ سپاٹس پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور وائرس کی روک تھام کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ڈینگی ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنائیں اور اپنے گھروں، گلیوں اور اردگرد کے علاقوں میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔ خواجہ عمران نذیر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کروائی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ جہاں بھی ڈینگی لاروا برآمد ہوگا، متعلقہ گھر پر ریڈ سٹیکر لگایا جائے گا۔

بقیہ 34

بیان میں کہا کہ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی حمایت نہیں کرتے کیونکہ یہ اقدامات موجودہ مسائل کو حل کرنے کا راستہ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب منصب اقتدار پر فائز قوتیں گورنر راج اور ایمرجنسی کے ذریعے حکومت کرنے کی کوشش کریں تو اس کا صاف مطلب ہے کہ ان کی حکومت کا چراغ بجھنے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مسائل کا حل ایسے اقدامات کے بجائے جمہوری اصولوں اور سیاسی تحمل میں تلاش کیا جانا چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمان نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل جماعتوں کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ پی ڈی ایم جماعتوں نے رجیم چینج کے وقت سے جو تماشا شروع کیا تھا، جمہوریت دشمنی کا وہ سفر آج تک جاری ہے۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سیاسی تاریخ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ان دونوں جماعتوں کی تاریخ گورنر راج نافذ کرنے اور عوامی مینڈیٹ تسلیم نہ کرنے کی تاریخ ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے دعویٰ کیا کہ اب یہ واضح ہو چکا ہے کہ فارم 47 کے ذریعے مسلط کیا گیا نظام پوری طرح ناکام ہوگیا ہے۔

بقیہ 35

منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اور اس مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف تمام وسائل بروئے کارلائے جارہے ہیں۔

بقیہ 36

کرنے کی بات کی۔ معاملے پر رابطے کے دوران انسپکٹر پراپرٹی ٹیکس کامران مسعود بلوچ نے بتایا کہ وہ تلہ گنگ میں فرائض انجام دے رہے ہیں اور انہیں حال ہی میں چوآ سیدن شاہ کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔ ان کے مطابق بغیر سرکاری چالان یا رسید کے ٹیکس کی مد میں ہاتھوں ہاتھ رقم وصول کرنے کا کوئی جواز نہیں اور ایسا عمل محکمانہ ضوابط کے خلاف ہے۔ کامران بلوچ نے مزید بتایا کہ انہوں نے ناصر سے رابطہ کیا تو ناصر نے عاطف سہیل کو پلازہ سیل کرنے کی دھمکی دینے کی تردید کی۔ کامران مسعود بلوچ نے عوامی سہولت کے لیے اپنا رابطہ نمبر 03335326099 جاری کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی ایجنٹ یا اہلکار بغیر سرکاری چالان یا رسید کے رقم طلب کرے تو شہری فوری طور پر اس نمبر پر اطلاع دیں۔ دوسری جانب حسرت نامی شخص سے مؤقف لینے کے لیے رابطہ کیا گیا، تاہم کال موصول نہ ہوئی۔ عوامی وسماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات گوندل، اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ محمد اقبال، انسپکٹر پراپرٹی ٹیکس کامران مسعود، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر (ایڈمن) چکوال، ڈائریکٹر ایکسائز راولپنڈی عمران اسلم اور محکمہ ایکسائز پنجاب کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی شفاف انکوائری کرائی جائے، حسرت نامی شخص کی محکمانہ حیثیت اور اضافی رقم طلب کرنے کے معاملے کی حقیقت سامنے لائی جائے اور الزامات ثابت ہونے پر ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ جب ٹیکس وصولی کا باقاعدہ سرکاری نظام موجود ہے تو ''چائے پانی'' کے نام پر مبینہ اضافی رقم طلب کرنے کی شکایت کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ سرکاری ٹیکس کی ادائیگی کا ثبوت باقاعدہ چالان اور رسید ہے، زبانی مطالبہ نہیں۔ واضح رہے کہ شہری کے الزامات کی آزادانہ تصدیق ہونا باقی ہے اور متعلقہ فریقین کا مؤقف سامنے آنے پر اسے بھی شامل کیا جائے گا۔

بقیہ 37

اور ٹانگ پر زخم آئے جبکہ ساس کو ہاتھ پر چاقو کا وار لگا، زخمی ہونے والی خاتون ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال چکوال میں زیر علاج ہے۔

بقیہ 38

بھی پیش کی گئیں اجلاس میں تعلقہ کندھ کوٹ کے لیے مولانا حبیب اللہ میمن کو امیر، مولانا محمد اسماعیل لولائی کو نائب امیر مولانا اسد اللہ پھوڑ کو جنرل سیکرٹری حافظ علی حسن سومرو کو دوسرے نائب امیر، استاد نذیر احمد شیخ کو ناظم مالیات اور مولانا نصر اللہ بھٹو کو ناظم تبلیغ مقرر کیا گیا اسی طرح تعلقہ تنگوانی کے لیے مولانا سعید احمد بھلکانی کو سرپرست مجاہد عبدالرزاق باجکانی کو امیر، سلیم جان بھلکانی کو نائب امیر مولانا ریاض احمد بھلکانی کو جنرل سیکریٹری حافظ فیض محمد بجارانی کو جوائنٹ سیکریٹری مولانا خادم حسین بھلکانی کو ناظم مالیات مولانا خادم حسین جعفری کو پریس سیکریٹری اور مولانا عبدالغنی کھوسو کو ناظم تبلیغ مقرر کیا گیا اجلاس میں تعلقہ کشمور کے لیے مولانا عبدالرشید بھٹو کو امیر اور مولانا کریم بخش مزاری کو جنرل سیکریٹری کی ذمہ داریاں سونپی گئیں اجلاس میں چناب نگر میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے سالانہ دو روزہ پروگرام میں شرکت کے لیے گاڑیوں کا انتظام کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا اس سلسلے میں تین رکنی کمیٹی تشکیل دینے پر اتفاق کیا گیا، جو متعلقہ احباب سے ملاقاتیں کر کے سفری انتظامات کو حتمی شکل دینے اور اپنی رپورٹ ضلعی مجلس کو پیش کرے گی شرکائے اجلاس نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تحفظ ختم نبوت کے پیغام کو عام کرنے تنظیمی رابطوں کو مضبوط بنانے اور دعوتی و تبلیغی سرگرمیوں کو مزید فعال بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی اس موقع پر مختلف تجاویز پر تبادلۂ خیال کیا گیا اور تنظیمی امور کو بہتر انداز میں آگے بڑھانے پر زور دیا گیا اجلاس کے اختتام پر ملک وقوم کی سلامتی، ایمان بالرسالت وختم نبوت پر استقامت اور تنظیم کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 39

صدارت امن و امان کی صورتحال اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا، ایس ایس پی انوسٹی گیشنز سلیمان ظفر، ایس ایس پی سکیورٹی آپریشنز، ایس پی سی ٹی ڈی، زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور تمام ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور سکیورٹی انتظامات کی مؤثر نگرانی، پولیس کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں سکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنائیں۔

بقیہ 40

مجرمان اشتہاری اور سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان شامل ہیں، جبکہ منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں مزید 74 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے 5,550 گرام آئس، 6,058 گرام چرس، 1,210 گرام ہیروئن، شراب کی 114 بوتلیں، تین گنز، دو خنجر اور مختلف بور کے 37 پستول بمعہ ایمونیشن برآمد کیے گئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ مزید برآں، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے زونل ایس پیز کی نگرانی میں مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز بھی کیے گئے۔ ان کارروائیوں کے دوران 2,823 افراد، 1,149 گھروں، 235 دکانوں، 52 ہوٹلز، 1,557 موٹر سائیکلوں اور 565 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ مزید جانچ پڑتال کے لیے 130 مشکوک افراد، 137 موٹر سائیکلوں اور تین گاڑیوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا، جبکہ سرچ آپریشنز کے دوران چھ پستول اور 31 گولیاں بھی برآمد ہوئیں۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور جرائم کے خاتمے کے لیے شب و روز مصروف عمل ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے سرچ، کومبنگ اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس کی ''نو ٹو ویپن'' مہم کے تحت غیر قانونی اسلحہ رکھنے، اسلحے کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 41

جا سکے۔ پولیس کی جانب سے مختلف علاقوں میں گشت بھی جاری رہا۔ سکیورٹی اہلکاروں کو چوکس رہنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہنے کی ہدایت کی گئی۔ ممکنہ احتجاج کے پیش نظر اہم مقامات پر پولیس کی اضافی نفری تعینات رکھی گئی۔ پولیس کے اعلیٰ افسران کی جانب سے سکیورٹی انتظامات کی نگرانی جاری رہی۔

بقیہ 42

کی روک تھام، شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور مؤثر پولیسنگ کے لیے مزید بہتر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ اپنے علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کریں، گشت اور نگرانی کے نظام کو مؤثر بنائیں اور شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی یقینی بنائیں۔

بقیہ 43

گھنٹے تک موسلا دھار بارش کے سبب گلیوں بازاروں میں پانی بھر گیا اور ساہیوال شہر فرید ٹاؤن، طارق بن زیاد کالونی، ضلع کچہری، فائیو وے چوک اور دوسرے علاقوں میں واسا کی کارکردگی کا پول کھل گیا۔ سڑکوں اور چوراہوں میں واسا کے پائپ ڈالنے کے لیے کھدائی کر کے کھلے چھوڑے گڑھوں میں درجنوں گاڑیاں دھنس گئیں اور ٹریفک کا نظام درہم برہم ہوگیا۔ جس سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ واپڈا میپکو نے فرید ٹاؤن، آفیسر کالونی سکیم نمبر 2، طارق بن زیاد، فتح شیر کالونی، کوٹ خادم علی شاہ، کوٹ الہ دین، ریلوے روڈ، کھوکھا بازار امامیہ کالونی، جہاز گراؤنڈ، نئی آبادی، شادمان ٹاؤن، موسیٰ بلاک، اور دیگر علاقوں میں دس گھنٹے اور 16 گھنٹے بعد تاروں اور کھمبوں کی مرمت اور تنصیب کے بعد بجلی کی سپلائی بحال کی۔ جبکہ دیہی علاقوں میں رات گئے تک بجلی کی سپلائی بحال نہیں ہوسکی۔ واپڈا میپکو کے ترجمان کے مطابق بجلی کے 6 6 فیڈر متاثر ہوئے تھے جن میں سے 60 فیڈروں پر کام مکمل کر کے بجلی کی سپلائی بحال کر دی گئی دیگر علاقوں میں بجلی کی سپلائی کی بحالی کے لیے ٹیمیں کام کررہی ہیں۔

بقیہ 44

تھا۔ برٹش ہائی کمشنر جین میریٹ نے چوہدری شاہزیب بانگا اور احتشام کھوٹ کو کامیابی پر حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مبارکباد دی۔ اس موقع پر سید جواد الحسن کاظمی، جنرل سیکرٹری سنی اتحاد کونسل پاکستان سمیت معززین علاقہ اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر برٹش ہائی کمشنر مس جین میریٹ نے چوہدری شاہزیب بانگا کی کامیابی کو سراہتے ہوئے کہا کہ علاقائی ثقافت اور روایتی کھیل کسی بھی معاشرے کی شناخت اور تاریخی ورثے کا اہم حصہ ہوتے ہیں۔ ایسے کھیل مقامی روایات کو زندہ رکھنے کے ساتھ ساتھ نئی نسل کو اپنی ثقافتی پہچان سے روشناس کرانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روایتی کھیلوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے افراد کی حوصلہ افزائی قابلِ قدر عمل ہے، کیونکہ اس سے نوجوانوں میں محنت، لگن اور صحت مندانہ مقابلے کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اس موقع پر کہا کہ ضلع چکوال اپنی منفرد ثقافت، تاریخی روایات اور روایتی کھیلوں کے حوالے سے ایک نمایاں شناخت رکھتا ہے۔ مقامی ثقافتی سرگرمیاں ہمارے معاشرتی ورثے کی عکاس ہیں، جن کا تحفظ اور فروغ اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری شاہزیب بانگا کی کامیابی ضلع چکوال کے لیے باعثِ مسرت ہے اور ایسے باصلاحیت افراد کی حوصلہ افزائی سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں منوانے اور مثبت سرگرمیوں میں حصہ لینے کا موقع ملتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ علاقائی ثقافت اور روایتی کھیلوں کو فروغ دینے کے لیے منعقدہ تقریبات نہ صرف ہماری ثقافتی شناخت کو اجاگر کرتی ہیں بلکہ معاشرے میں باہمی ہم آہنگی، میل جول اور مثبت سماجی اقدار کو بھی تقویت دیتی ہیں۔ انہوں نے اس امر کی اہمیت پر زور دیا کہ مقامی روایات اور ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے کے لیے ایسی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی جاری رکھی جائے۔

بقیہ 45

لاحق ہیں، جبکہ زیرِ زمین پانی کے معیار، پینے کے صاف پانی کی دستیابی اور ماحولیاتی آلودگی کے حوالے سے بھی تشویش پائی جاتی ہے۔ اہلِ علاقہ نے ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات گوندل، اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ محمد اقبال اور محکمہ مائنز اینڈ منرلز سمیت محکمہ تحفظِ ماحولیات کے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مائننگ کے اجازت ناموں، قانونی حیثیت اور ماحولیاتی اثرات کی شفاف تحقیقات کروائی جائیں اور خلاف ضابطہ سرگرمیوں کی تصدیق ہونے پر قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے انہیں بند کیا جائے۔ ریلی میں شریک سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری ناصر لڑی نے اہلِ علاقہ سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ مظاہرین نے واضح کیا کہ زرعی اراضی، صاف پانی اور ماحول کا تحفظ ان کے بنیادی مفادات کا معاملہ ہے اور وہ اپنے مطالبات کی منظوری کے لیے متعلقہ حکام اور قانونی فورمز پر آواز اٹھاتے رہیں گے۔

بقیہ 46

کررہی ہے تاکہ محمد شہباز کی موت کی وجہ معلوم ہو سکے۔

بقیہ 47

سونپ دیا گیا ہے۔ اشتر اوصاف نے کہا کہ 2009 میں پنجاب میں گورنر راج لگا تھا اور سلمان تاثیر صوبے کے چیف ایگزیکٹو بن گئے تھے۔ ان کے بقول اس وقت صرف آرٹیکل (1)234 کا اطلاق کیا گیا تھا، ان کے بقول اس وقت پنجاب میں ایک طرح سے آئینی بحران تھا اور سکیورٹی کا کوئی ایشو نہیں تھا۔

بقیہ 48

کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنانے کے دوران نائب صوبیدار ہدایت امان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور انہیں وطن کے دفاع میں جان کا نذرانہ پیش کرنے پر بھرپور خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر مملکت نے شہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور اظہار ہمدردی کیا اور شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ نائب صوبیدار ہدایت امان نے جرات و بہادری کی عظیم مثال قائم کرتے ہوئے وطن کی سرحدوں کے تحفظ کے لیے اپنی جان قربان کردی۔ صدر مملکت نے دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے اور 12 خوارج اور افغان طالبان کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور مستعدی کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 49

ٹیلی فونک گفتگو کے دوران خیبر پختونخوا حکومت پر زور دیا گیا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف وفاقی حکومت کا ساتھ دے۔

بقیہ 50

فائرنگ کردی، جس سے محمد عمران شدید زخمی ہوا اور بعد ازاں دم توڑ گیا۔ واقعے کی وجہ سابقہ دشمنی بتائی گئی ہے۔ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او تھانہ گوجر خان چوہدری رفیق پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ پولیس نے شواہد جمع کرنے کے بعد مدعی کی درخواست پر مقدمہ درج کرلیا ہے، جبکہ نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 51

آتشزدگی سے گاڑی کو شدید نقصان پہنچا، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، موٹروے پولیس نے ریسکیو 1122 کو طلب کر لیا، متعلقہ افسران موقع پر موجود رہے۔

بقیہ 52

چک 65 پانچ ایل جارہے تھے جب ٹول پلازہ کے قریب پہنچے تو پیچھے سے آنے والے تیز رفتار ٹرک نمبر 7185 پی نے میاں بیوی کو کچل دیا موٹر سائیکل تباہ ہوگئی اور ماجدہ بی بی موقع پر جاں بحق ہوگئی۔ محمد کاشف کو زخمی حالت میں ریسکیو 1122 نے ہسپتال منتقل کردیا ٹرک ڈرائیور راز محمد پٹھان ساکن چارسدہ موقع سے فرار ہوگیا۔ دوسرا حادثہ ساہیوال عارف والا روڈ پر ہائی ٹیک فیکٹری 115 نوایل کے قریب ہوا یہاں ایک موٹر سائیکل رکشہ کو تیز رفتاری نامعلوم گاڑی نے ٹکر ماری جس سے رکشہ ڈرائیور محمد فیضان موقع پر جاں بحق ہوگیا اور رکشہ تباہ ہوگیا۔ اور ڈرائیور گاڑی سمیت موقع سے فرار ہوگیا۔ نیو فیصل آباد روڈ پر پل قطب شہانہ کے قریب ایک تیز رفتار کار نے چار موٹر سائیکل سواروں کو روند ڈالا جس کے نتیجہ میں ایک نوجوان گستا گپ خاں جاں بحق ہوگیا۔

بقیہ 53

کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام انتشار اور بدامنی کے بجائے پرامن اور خوشحال مستقبل چاہتے ہیں، عوام دیگر صوبوں کے ساتھ برادرانہ تعلقات اور باہمی تعاون کے خواہاں ہیں اور مشترکہ کوششوں اور باہمی تجربات سے صوبے میں ترقی وخوشحالی کو فروغ دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے امن پسند عوام دہشت گردی اور پرتشدد کارروائیوں کی ہرگز حمایت نہیں کرتے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی قسم کی قانون شکنی، اشتعال انگیزی اور دنگا فساد سے اجتناب کریں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ امن وامان خراب کرنے اور قانون ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 54

کرتے ہوئے انہیں فوری طور پر ڈیوٹی پر بحال کیا جائے تفصیلات کے مطابق سیپکو کندھ کوٹ ڈویژن کے ایگزیکٹو انجینئر مختیار انصاری کو کم ریکوری کی بنیاد پر سی ای او سیپکو سکھر کی جانب سے معطل کر کے ہیڈ کوارٹر سکھر بھیجے جانے کے بعد ڈویژن کے 20 ملازمین کے خلاف مختلف نوعیت کی تادیبی کارروائیاں کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ ان کارروائیوں کے باعث متعلقہ ملازمین میں تشویش پائی جاتی ہے، جبکہ آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین نے اس معاملے پر اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کا اعلان کیا ہے ذرائع سے موصول ہونے والی تفصیلات کے مطابق متاثرہ ملازمین میں میٹر ریڈرز اور لائن مین سمیت دیگر عملہ شامل ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ بعض ملازمین کی دو سال کی انکریمنٹ روک دی گئی ہے، بعض ملازمین کو ایک گریڈ پیچھے کردیا گیا ہے، جبکہ چند ملازمین کے خلاف ٹرمینیشن فرام سروس یعنی ملازمت سے برطرفی کی کارروائی بھی کی گئی ہے۔ تاہم انفرادی طور پر کن ملازمین کے خلاف کون سی کارروائی ہوئی اور اس کی وجوہات کیا ہیں، اس حوالے سے متعلقہ حکام کا مؤقف سامنے آنا ضروری ہے اس صورتحال کے خلاف آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے ڈویژنل چیئرمین محمد یونس ملک کی قیادت میں احتجاجی سرگرمیوں کا اعلان کیا گیا ہے یونین کے اعلان کے مطابق پیر کی صبح 9 بجے سیپکو ڈویژن آفس کندھ کوٹ سے پریس کلب کندھ کوٹ تک احتجاجی ریلی نکالی جائے گی جس میں یونین کے عہدیداران اور ملازمین شرکت کر کے اپنے مطالبات پیش کریں گے یونین کی جانب سے جاری کردہ احتجاجی پروگرام کے تحت سب ڈویژن ون، سب ڈویژن ٹو، سب ڈویژن کشمور، سیپکو ڈویژن آفس کندھ کوٹ اور ریونیو آفس کی تالہ بندی کی جائے گی۔ اس موقع پر ملازمین بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرائیں گے۔ یونین کا کہنا ہے کہ اس احتجاج کا مقصد متاثرہ ملازمین کے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچانا اور ان کے خلاف کی گئی کارروائیوں پر نظرثانی کے لیے آواز بلند کرنا ہے یونین کے بنیادی مطالبات میں متاثرہ تمام ملازمین کی فوری بحالی، ملازمت سے برطرفی اور دیگر سزاؤں کے فیصلوں پر نظرثانی، روکی گئی انکریمنٹس کی بحالی اور گریڈ میں تنزلی سے متعلق معاملات کا منصفانہ جائزہ لینا شامل ہے۔ یونین چاہتی ہے کہ متعلقہ حکام ملازمین کے معاملات کا جائزہ لے کر ایسے اقدامات کریں جن سے ملازمین کی شکایات کا ازالہ ہوسکے دوسری جانب سیپکو جیسے اہم عوامی خدمت کے ادارے میں ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائیوں اور ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال نے توجہ حاصل کرلی ہے۔ بجلی کی فراہمی، بلوں کی وصولی، میٹر ریڈنگ اور لائنوں کی دیکھ بھال سمیت مختلف امور میں عملے کا کردار اہم ہوتا ہے۔ ایسے میں ملازمین اور انتظامیہ کے درمیان پیدا ہونے والے اختلافات کے حل کے لیے ضروری ہے کہ تمام متعلقہ فریق اپنے اپنے مؤقف اور ریکارڈ کی بنیاد پر معاملے کو آگے بڑھائیں ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی کسی بھی ادارے کے قواعد وضوابط کے تحت کی جاسکتی ہے، تاہم متاثرہ ملازمین کو متعلقہ قواعد کے مطابق اپنا مؤقف پیش کرنے اور دستیاب اپیل یا نظرثانی کے طریقہ کار سے رجوع کرنے کا موقع ملنا بھی اہم ہے۔ اسی طرح انتظامیہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہر معاملے کا انفرادی جائزہ لے اور فیصلوں کی وجوہات واضح کرے تاکہ کسی بھی شکایت یا اختلاف کو قانونی اور انتظامی طریقہ کار کے مطابق حل کیا جاسکے یونین رہنماؤں نے اعلان کیا ہے کہ پیر کے روز احتجاج کے ذریعے ملازمین کے مطالبات حکام تک پہنچائے جائیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر مطالبات تسلیم نہ کیے گئے اور متاثرہ ملازمین کے معاملات پر پیش رفت نہ ہوئی تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جاسکتا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ سیپکو کی اعلیٰ انتظامیہ اور متعلقہ حکام یونین کے مطالبات پر کیا ردعمل دیتے ہیں اور آیا متاثرہ ملازمین کے معاملات کا جائزہ لینے کے لیے کوئی عملی قدم اٹھایا جاتا ہے یا نہیں

بقیہ 55

ہوئے 12 دہشت گردوں کو جہنم رسید کیا اور سرحد پار سے ہونے والی دراندازی کو ناکام بنا کر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ محسن نقوی نے وطنِ عزیز کے دفاع میں مصروف بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو سکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بے مثال جرات پر فخر ہے۔ انہوں نے عزم کا اعادہ کیا کہ ملک دشمن عناصر کے خلاف اس جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور وطن کے دفاع پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔

ہاؤسنگ فنانس کیلئے جائیداد کی دستاویزات کی شرائط آسان

نئے ضوابط کے تحت بینک صارفین سے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات حاصل کرینگے، دستخط شدہ رسید بھی فراہم کرینگے

50لاکھ روپے تک کے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کے سرکاری ریکارڈ میں بینک کے حق میں لین درج کرکے بھی قرض دیا جاسکے گا

لاہور(این این آئی)اسٹیٹ بینک نے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کی دستاویزات کی شرائط آسان کر دیں۔ نئے ضوابط کے تحت بینک صارفین سے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات حاصل کریں گے اور ان کی دستخط شدہ رسید بھی فراہم کریں گے، 50لاکھ روپے تک کے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کے سرکاری ریکارڈ میں بینک کے حق میں لین درج کرکے بھی قرض دیا جاسکے گا۔اسٹیٹ بنک کے مطابق بینک ہاؤسنگ فنانس کے لیے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات لیں گے،جائیداد کی دستاویزات (بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ کا 12دہشتگرد ہلاک کرنے پرسکیورٹی فورسز کوخراج تحسین

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شہید کے اہل خانہ سے اظہارِ تعزیت کیا

لاہور(این این آئی)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ضلع کرم میں سرحدی دراندازی ناکام بنانے اور 12دہشتگرد ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کوخراج تحسین پیش کیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید نائب صوبیدار ہدایت امان کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شہید کے(بقیہ نمبر 28)

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی زیرصدارت پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ

شادی شدہ خاتون سے جنسی زیادتی کرنے والے 2افراد گرفتار

ملزمان نے مجھ سے زیادتی کی، سٹی پولیس نے مقدمہ درج کرکے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا

راولپنڈی(این این آئی)راولپنڈی میں تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شادی شدہ خاتون سے زیادتی کرنے والے 2افراد جو گرفتار کرلیا۔مدعیہ مقدمہ نے کہا کہ ملزمان نے مجھ سے زیادتی کی، سٹی پولیس نے مقدمہ درج کرکے دونوں ملزمان (بقیہ نمبر 29)

عمرہ مسافروں کے ذریعے یورپ اسمگلنگ کا انکشاف

مسافروں کو مزید تفتیش کیلئے ایف آئی اے اے ایچ ٹی سی کراچی کے حوالے کردیا گیا

کراچی(این این آئی)ایف آئی اے امیگریشن کراچی کی بروقت کارروائی میں عمرہ مسافروں کے ذریعے یورپ اسمگلنگ کے نئے مبینہ روٹ کا انکشاف ہوا ہے جس میں 2مسافر آف لوڈ بھی کردیے گئے۔ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی ہجرت کی روک تھام کے لیے کارروائی کرتے ہوئے دو عمرہ مسافروں، اعظم علی اور محمد(بقیہ نمبر 30)

کمسن لڑکیوں کے حقوق کا عالمی دن منایا گیا

لاہور(این این آئی)پاکستان سمیت دنیا بھر میں کمسن لڑکیوں کے حقوق کا عالمی دن منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد بچیوں کے حقوق کا تحفظ،کم عمری کی شادیوں کا مکمل خاتمہ اورانہیں بااختیار بنانے کیلئے آواز بلند کرنا ہے۔

فراری کمانڈر نور خان بگٹی سمیت 60افراد نے ہتھیار ڈال دیے

ڈیرہ بگٹی (این این آئی)فراری کمانڈر نور خان بگٹی نے اپنے ساتھیوں سمیت سوئی میں ہتھیار ڈال دیے۔اعلامیے کے مطابق نور خان بگٹی نے وزیراعلیٰ کی کھلی کچہری کے دوران ہتھیار ڈالے اوراپنے ساتھیوں سمیت پاکستان سے وفاداری کا حلف اٹھایا۔اعلامیے میں کہا گیا کہ نور خان بگٹی پہاڑوں میں روپوش تھے اور قومی دھارے میں واپس آ گئے ہیں۔نور خان بگٹی نے اپنے خاندان سمیت مجموعی طور پر 60افراد کے ہمراہ ہتھیار ڈالے۔اعلامیے کے مطابق نور خان بگٹی متعدد دہشت گردی کی کارروائیوں میں بھی ملوث رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا سے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 15افسران تبدیل

پشاور (این این آئی) خیبر پختون خوا سے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 15افسروں کو تبدیل کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق گریڈ 21کے اکرام اللہ کو کے پی کے سے تبادلے کے بعد اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دے دیا گیا،گریڈ 20کے شاہد اللہ اور گریڈ 19کے شاہ فہد کو بھی اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق گریڈ 18کے کیپٹن (ر) زبیر خان کا کے پی کے سے تبادلہ کر دیا گیا اور انہیں(بقیہ نمبر 31)

قصور: ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی تقریب حلف برداری میں تاجروں سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا حج وعمرہ فلاحی سکیم کا آغاز درخواستیں طلب

یہ سکیم آئی جی پولیس محمد سہیل چوہدری کی ہدایات پر متعارف کرائی گئی ہے تاکہ پولیس اہلکاروں کو مذہبی سفر کی سعادت حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جاسکے

دلچسپی رکھنے والے ملازمین مقررہ طریقہ کار کے مطابق اپنی درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں اور درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 21اکتوبر مقرر کی گئی ہے

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد پولیس نے حج وعمرہ فلاحی سکیم 2026 کا باقاعدہ آغاز کردیا ۔ پولیس حکام کے مطابق محکمہ کی جانب سے ملازمین کی فلاح و بہبود کو بہتر بنانے کی کوششوں کے سلسلے میں اہل پولیس اہلکاروں سے درخواستیں طلب کی گئی ہیں،ان میں کانسٹیبل سے لے کر ڈی ایس پی کے عہدے تک کے افسران شامل ہیں۔ یہ سکیم انسپکٹر جنرل آف پولیس محمد سہیل چوہدری کی ہدایات پر متعارف (بقیہ نمبر 32)

لاہور: شہری کیرج شاپ میں مچھلی خرید رہے ہیں

ڈینگی کے خطرات برقرار، 30ہزار سے زائد ہاٹ سپاٹس کی موجودگی کا انکشاف

لاہور میں ڈینگی کے کنفرم مریضوں کی تعداد 40، پنجاب بھر میں 179 تک پہنچ گئی

لاہور(این این آئی)صوبائی دارالحکومت لاہور میں 30ہزار سے زائد ڈینگی ہاٹ سپاٹس کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ رواں سال ڈینگی وائرس کے کیسز میں اضافے کا امکان بھی ظاہر کیا جارہا ہے۔سمن آباد ٹاؤن، داتا گنج بخش ٹاؤن، راوی ٹاؤن اور واہگہ ٹاؤن میں ڈینگی کی افزائش کے ممکنہ مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ لاہور میں ڈینگی کے کنفرم(بقیہ نمبر 33)

خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی مسائل کا حل نہیں، حافظ نعیم الرحمان

گورنر راج کے ذریعے حکومت کی کوشش کا مطلب اقتدار کا چراغ بجھنے والا ہے

لاہور(این این آئی)امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مسائل کا حل نہیں بلکہ اس طرح حکومت کرنے کی کوشش اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ اقتدار میں موجود قوتوں کی حکومت کا چراغ بجھنے والا ہے۔حافظ نعیم الرحمان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے(بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد کے ریڈ زون میں سکیورٹی کے سخت انتظامات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے حساس علاقے ریڈ زون میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کے تحت چھ ہزار اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے جبکہ کسی بھی قسم کے احتجاج پر پابندی عائد ہے۔ حکام کے مطابق شہر بھر میں اسلام آباد پولیس، سندھ پولیس، ایف سی سمیت چھ ہزار اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔

دو منشیات سپلائر گرفتار، 4 کلو 160 گرام چرس برآمد

راولپنڈی(این این آئی)راولپنڈی پولیس نے دو منشیات سپلائرز کو گرفتار کر کے 4 کلو 160 گرام چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ائیرپورٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک منشیات سپلائر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 2 کلو500 گرام چرس برآمد کر لی، سول لائن پولیس نے ایک اور منشیات سپلائر کو گرفتار کر کے ایک کلو660 گرام چرس برآمد کی۔ ترجمان راولپنڈی پولیس نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے اور معاشرے کو اس کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے(بقیہ نمبر 35)

چوآسیدن شاہ' ایکسائز دفتر کے نام پر مبینہ رشوت کا مطالبہ

34ہزار روپے ٹیکس ادا کرنے کے باوجود مزید 11ہزار روپے طلب کیے گئے، انکار پر پلازہ سیل کرنے کی دھمکی دی گئی: عاطف سہیل

بغیر چالان کی رقم کا مطالبہ ضوابط کے خلاف ہے؛ شہری شکایت کی صورت میں براہِ راست رابطہ کریں' انسپکٹر ٹیکس کامران بلوچ

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) پرانے بلدیہ آفس کے قریب بازار میں واقع پراپرٹی کے معاملے پر عاطف سہیل نے میڈیا کو بیان دیتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ ان کے بڑے بھائی طاہر محمود کی پراپرٹی کا 8اکتوبر 2026ء کو 34ہزار 869 روپے ٹیکس جمع کروانے کے باوجود حسرت نامی شخص نے مبینہ طور پر مزید 11ہزار 500 روپے طلب کیے ۔ عاطف حسین کے مطابق خرچہ پانی کے مطالبے پر انہوں نے ایک ہزار روپے دیے، تاہم مذکورہ شخص نے رقم لینے سے انکار کرتے ہوئے مزید رقم جمع کروانے کا کہا۔ شہری کا کہنا ہے کہ اضافی رقم کی رسید یا چالان طلب کرنے پر دستاویز فراہم نہیں کی گئی، جبکہ مقامی ایکسائز دفتر میں موجود ناصر نامی شخص نے مبینہ طور پر ان کا پلازہ سیل(بقیہ نمبر 36)

لاہور: دو لڑکیاں موٹر سائیکل پر اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

شوہر کا مبینہ طور پر بیوی اور ساس پر چاقو سے حملہ، دونوں خواتین زخمی

چکوال(این این آئی) تھانہ صدر کے علاقے اوڈھروال میں گھریلو ناچاقی پر شوہر کا مبینہ طور پر بیوی اور ساس پر چاقو سے حملہ، دونوں خواتین زخمی ہوگئیں۔متاثرہ خاتون کے بھائی کے مطابق ملزم کا اہلِ خانہ کے ساتھ اکثر گھریلو تنازعات پر جھگڑا رہتا تھا۔ متاثرہ خاتون کے بھائی کے مطابق گزشتہ شب ملزم مبینہ طور پر اپنے سسرال میں داخل ہوا اور چاقو کے پے در پے وار کرکے اپنی اہلیہ اور ساس کو زخمی کر دیا۔ حملے میں ملزم کی بیوی کے پیٹ (بقیہ نمبر 37)

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا شہر کے مختلف مقامات پر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

کندھ کوٹ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع کشمور کا اجلاس

دعوتی و تبلیغی سرگرمیوں کو مزید فعال بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع کشمور اور اس کے ماتحت تعلقوں کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں باہمی مشاورت اور متفقہ فیصلے کے تحت تنظیمی عہدیداران کی تقرریاں عمل میں لائی گئیں اجلاس میں تنظیمی امور کا جائزہ لینے کے ساتھ دعوتی سرگرمیوں کو مزید مؤثر اور فعال بنانے کے حوالے سے مختلف تجاویز (بقیہ نمبر 38)

ڈی آئی جی اسلام آباد اور ڈی آئی جی سکیورٹی کی زیر صدارت اہم اجلاس

مؤثر پولیسنگ یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے احکامات جاری

اسلام آباد(این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور ڈی آئی جی سکیورٹی رانا عمر فاروق کی زیر صدارت امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور مؤثر پولیسنگ یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے احکامات جاری کئے گئے۔تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سکیورٹی رانا عمر فاروق کی زیر(بقیہ نمبر 39)

لاہور: گریٹر اقبال پارک میں جنگلی کبوتروں کا جھنڈ فواروں پر بیٹھا ہوا ہے

اسلام آباد،370 ملزمان گرفتار، منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد

سرچ آپریشنز کے دوران2,823 افراد،1,149 گھروں،235 دکانوں

52 ہوٹلز، 1,557 موٹر سائیکلوں اور565 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد پولیس نے گزشتہ ہفتے370 ملزمان گرفتار کرکے منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کرلیا جبکہ سرچ آپریشنز کے دوران2,823 افراد،1,149 گھروں،235 دکانوں،52 ہوٹلز،1,557 موٹر سائیکلوں اور565 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس کی ٹیموں نے گزشتہ ہفتے مختلف کارروائیوں کے دوران سنگین جرائم میں ملوث370 ملزمان کو گرفتار کیا، جن کے قبضے سے منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کیا گیا۔گرفتار ملزمان میں 296 عدالتی مفرور، (بقیہ نمبر 40)

گورنر راج کے بعد ممکنہ احتجاج، صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ

پنجاب اسمبلی کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات، پولیس وینز بھی کھڑی رہیں

لاہور (این این آئی) خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد پاکستان تحریک انصاف کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہی۔ پنجاب اسمبلی کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی جبکہ قیدیوں کو منتقل کرنے والی پولیس وینز بھی کھڑی رہیں۔حساس مقامات اور اہم سرکاری عمارتوں کے اطراف سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ مختلف شاہراہوں اور اہم مقامات پر پولیس اہلکار تعینات رہے تاکہ کسی بھی ممکنہ احتجاج یا ناخوشگوار واقعے سے بروقت نمٹا (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی، ڈکیت گینگ سے برآمد ہونے والی موٹر سائیکلیں

آئی جی اسلام آباد کی ایس پی سواں زون اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ

جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد(این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے ایس پی سواں زون اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ میں نمایاں کارکردگی پر افسران کی حوصلہ افزائی کی، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کی ہدایت کی۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے ایس پی سواں زون محمد حسنین وارث اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ کی، جس میں سواں زون کی مجموعی کارکردگی، جرائم کی صورتحال اور شہریوں کے تحفظ کے لئے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو سراہا اور ہدایت کی کہ جرائم (بقیہ نمبر 42)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور ڈی آئی جی سکیورٹی رانا عمر فاروق کی زیرِ صدارت امن وامان اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس

ساہیوال طوفانی آندھی چار گھنٹے موسلا دھار بارش بجلی کا نظام درہم برہم

سینکڑوں درخت بجلی کھمبوں پر گرنے سے سپلائی معطل10، 16 گھنٹے بعد بحال

ساہیوال(این این آئی) ساہیوال میں طوفانی آندھی کے بعد چار گھنٹے تک موسلا دھار بارش، آندھی کے سبب سینکڑوں درخت جڑوں سے اکھڑ کر بجلی کی تاروں اور کھمبوں پر گرے جس سے بجلی کا نظام درہم برہم ہوگیا متاثرہ علاقوں میں بجلی کی سپلائی10 سے 16 گھنٹے کے بعد بحال ہوئی ۔تفصیلات کے مطابق دو بجے110 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے آندھی کے سبب سینکڑوں درخت جڑوں سے اکھڑ کر بجلی کے گیارہ کے وی سمیت اور بجلی سپلائی کے درجنوں کھمبوں پر گرنے سے تاریں اور پول ٹوٹ گئے جس سے بجلی کی سپلائی معطل ہو گئی چار (بقیہ نمبر 43)

برٹش ہائی کمشنر جین میریٹ کا ڈپٹی کمشنر چکوال کے ہمراہ موضع مرید کا دورہ

علاقائی ثقافت اور روایتی کھیلوں کے فروغ کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شرکت

چکوال(این این آئی) برٹش ہائی کمشنر مس جین میریٹ نے چوہدری ارتضٰی حیدر کی دعوت پر ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کے ہمراہ موضع مرید کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے علاقائی ثقافت اور روایتی کھیلوں کے فروغ کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ تقریب کا اہتمام چوہدری شاہزیب بانگا آف مرید اور احتشام کھوٹ کی روایتی ثقافتی کھیل 'چھٹ' کے وزن اٹھانے کے مقابلے میں نمایاں کامیابی کے اعتراف میں کیا گیا (بقیہ نمبر 44)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

چوآسیدن شاہ' زرعی اراضی پر مائننگ کیخلاف احتجاجی ریلی

وگھوال، مہیتوال اور لڑی شاہ نواز کے مکینوں کی احتجاجی ریلی؛ زیرِ زمین پانی کی آلودگی اور ماحولیاتی نقصانات پر تشویش کا اظہار

ڈی سی چکوال، اے سی چوآسیدن شاہ اور محکمہ مائنز و ماحولیات کے حکام نوٹس لیں، غیر قانونی سرگرمیاں بند کرنے کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) علاقہ جھنگڑ کے نواحی گاؤں وگھوال زیر، مہیتوال اور لڑی شاہ نواز کے مکینوں نے وگھوال ڈھوک میں آبادی کے قریب قابلِ کاشت زرعی اراضی پر مائننگ کے خلاف احتجاجی ریلی نکال کر متعلقہ حکام سے فوری مداخلت کا مطالبہ کردیا۔ ریلی وگھوال گاؤں سے شروع ہوکر مائننگ کے مقام سے گزرتی ہوئی لڑی شاہ نواز چوک پہنچی، جہاں شرکاء نے اپنے مطالبات کے حق میں آواز بلند کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ آبادی کے قریب زرعی زمینوں پر مائننگ کے باعث مقامی آبادی کو مشکلات اور ممکنہ نقصانات کے خدشات (بقیہ نمبر 45)

ہائی سیکورٹی جیل حساس ادارہ کے اہلکار کی پر اسرار ہلاکت

ساہیوال (این این آئی) ہائی سیکورٹی جیل حساس ادارہ کے اہلکار محمد شہباز کی پراسرار ہلاکت ۔تفصیلات کے مطابق پسرور ضلع سیالکوٹ کے حساس ادارہ کے محمد دشہباز50 سالہ ہائی سیکورٹی جیل میں ڈیوٹی سرانجام دے رہے تھے جس کے بعد کالونی واپس آئے تو پراسرار حالت میں مردہ پائے گئے پولیس سول لائن نے لاش تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دی پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی ۔ پولیس موقع پر شواہد اکھٹے (بقیہ نمبر 46)

یہ ایمرجنسی بھی ہے اور گورنر راج بھی لگایا گیا ہے، اشتر اوصاف

اسلام آباد (این این آئی) ماہر قانون اشتر اوصاف نے کہا ہے کہ آئین کا آرٹیکل 232(1) ایمرجنسی سے متعلق ہے اور آرٹیکل 234(1) میں گورنر راج کا ذکر ہے لہٰذا ان دونوں کا اطلاق کیا گیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے اشتر اوصاف نے کہا کہ اگر کسی صوبے میں سکیورٹی کے خدشات ہوں تو وفاق کے پاس ایمرجنسی لگانے کا اختیار ہے اور ساتھ ہی آرٹیکل 234(1) کے ذریعے صوبے کا نظم ونسق گورنر کو(بقیہ نمبر 47)

الدین میڈیکل کالج کے طلبہ مریضوں کی سہولت کے لئے عطیہ کردہ ویل چیئرز پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم کے حوالے کر رہے ہیں

دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

افغان حکومت امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہے، صدر آصف علی زرداری

اسلام آباد(این این آئی)صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں پاک افغان سرحد پر دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغان حکومت کی دہشت گرد عناصر کی سرپرستی اور معاونت علاقائی امن وسلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہے۔اتوار کو ایوان صدر (بقیہ نمبر 48)

نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار کا مولانا فضل الرحمٰن سے رابطہ

مولانا فضل الرحمٰن کے ذریعے اپوزیشن سے رابطوں کی آخری کوشش کی جائے

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی کابینہ کے اجلاس کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے جمیعت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ذرائع کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کابینہ اجلاس کے دوران مولانا فضل الرحمٰن کو فون کیا۔وفاقی کابینہ کے اجلاس میں تجویز دی گئی کہ کسی بھی حتمی فیصلے سے قبل مولانا فضل الرحمٰن کے ذریعے اپوزیشن سے رابطوں کی آخری کوشش کی جائے۔ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 49)

گوجر خان' مسلح افراد کی گاڑی پر فائرنگ' ایک شخص جاں بحق

اکبر آباد سے شمس کالونی جاتے ہوئے حملہ، محمد عمران عرف ثانی جان کی بازی ہار گیا

گوجرخان میں فائرنگ کا افسوسناک واقعہ، پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان کے نواحی علاقے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے گاڑی میں سوار ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرکے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع کردی ہے ۔ پولیس رپورٹ کے مطابق وسیم ولد محمد صادق اپنے ساتھی محمد عمران عرف ثانی، اس کے بیٹے علی اور دادا علی فریدہ کے ہمراہ گھر جا رہا تھا کہ راستے میں ایک لوڈر رکشہ اور موٹر سائیکل ان کی گاڑی کے سامنے آ گئے ۔الزام ہے کہ اس دوران حسن وغیرہ نے گاڑی کو نشانہ بناتے ہوئے (بقیہ نمبر50)

سیالکوٹ لاہور موٹروے پر کار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

سیالکوٹ (این این آئی)سیالکوٹ لاہور موٹروے پر کار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی تاہم دونوں سوار محفوظ رہے،موٹروے پولیس کی بروقت کارروائی، گاڑی میں سوار دونوں افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا،گاڑی میں آگ بظاہر شارٹ سرکٹ کے باعث لگی،موٹروے پولیس نے آگ بجھانے والے آلات اور خصوصی کمبل کی مدد سے شعلوں پر قابو پایا،سب انسپکٹر رمیز خان اور سب انسپکٹر عامر سجاد نے فوری امدادی کارروائی میں حصہ لیا، (بقیہ نمبر 51)

پاکپتن، بارش کے دوران چھتیں گرنے سے 2افراد جاں بحق

پاکپتن (این این آئی) پاکپتن میں بارش کے دوران 2 مقامات پر گھروں کی چھتیں گرنے سے 2افراد جاں بحق اور میاں بیوی زخمی ہو گئے ۔ریسکیو ذرائع کے مطابق بارش کے دوران چھت گرنے کا پہلا واقعہ چک 58ایس پی میں پیش آیا، جہاں خستہ حال مکان کی چھت گرنے سے 70 سالہ علی اور 58 سالہ محمد اسلم جاں بحق ہوگئے ۔ادھر محلہ عیدگاہ پاکپتن میں بھی بارش کے باعث چھت گرنے سے 52 سالہ حبیب احمد اور اس کی 50 سالہ بیوی یاسمین زخمی ہوگئے۔

لاہور: بچے جمپنگ کیسل پر کھیل کود میں مصروف ہیں

ٹریفک حادثات، خاتون سمیت 3افراد جاں بحق، چار شدید زخمی

زخمیوں میں ایک کی حالت نازک ڈرائیور حادثات کے بعد فرار

ساہیوال(این این آئی) یہاں ٹریفک حادثات میں خاتون سمیت 3افراد جاں بحق اور چار شدید زخمی ہو گئے۔ جی ٹی روڈ پر ٹول پلازہ چک 54پانچ ایل کے قریب لاہور سے موٹر سائیکل نمبر3951ایل ای پی پر محمد کاشف اپنی بیوی ماجدہ بی بی کے ہمراہ اپنے(بقیہ نمبر 52)

عوام مزید فتنہ الخوارج کا ساتھ نہیں دینگے، گورنر فیصل کریم

سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ دہشت گردوں کے خلاف آخری دم تک لڑیں گے

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام صدارتی پروکلیمیشن کا خیر مقدم کرتے ہیں اور امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے خواہاں ہیں۔صوبے کے عوام کے نام ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ مزید فتنہ الخوارج کا ساتھ نہیں دیں گے اور سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ دہشت گردوں کے خلاف آخری دم تک لڑیں گے۔فیصل کریم کنڈی نے(بقیہ نمبر 53)

پنجاب یونیورسٹی سکول آف کمیونیکیشن سٹڈیز کی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عابدہ اشرف سینئر فوٹو جرنلسٹ آف کمیونیکیشن عزیز اور ایسوسی ایشن آف فوٹو جرنلسٹس لاہور کے تعاون سے شعبہ ابلاغیات میں ریسرچ فوکس گروپ میں شریک ہیں

کندھ کوٹ' واپڈا ہائیڈرو یونین کا دفاتر کی تالہ بندی اور ریلی کا اعلان

سیپکو کے 20ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائیوں پر واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین سراپا احتجاج پیر کو دفاتر کی تالہ بندی کا اعلان

متاثرہ ملازمین کی بحالی اور سزاؤں پر نظرثانی کا مطالبہ، ڈویژنل چیئرمین محمد یونس ملک کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی جائے گی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) کے ملازمین کے خلاف کی جانے والی مختلف تادیبی کارروائیوں کے معاملے پر آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین نے احتجاج کا اعلان کر دیا ہے۔ یونین کی جانب سے پیر کے روز سیپکو کے مختلف دفاتر کی تالہ بندی، احتجاجی ریلی اور بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یونین نے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ ملازمین کے خلاف کی گئی کارروائیوں پر نظرثانی(بقیہ نمبر 54)

وطن کے دفاع پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی، محسن نقوی

دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ضلع کرم کے قریب پاک افغان سرحد پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین اور واقعے میں شہید نائب صوبیدار ہدایت امان کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق محسن نقوی نے فائرنگ کے تبادلے کے دوران وطن پر جان نچھاور کرنے والے بہادر سپوت نائب صوبیدار ہدایت امان کی عظیم قربانی پر انہیں بھرپور خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے(بقیہ نمبر 55)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوایں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035